نرسری

رہنمائے اساتذۂ کرام

# اُردُو سے دوستی

ناظمہ رحمٰن





OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، یونیورسٹی آف اوکسفرڈ کا ایک شعبہ ہے۔
یہ دنیا بھر میں بذریعۂ اشاعت تحقیق، علم وفضیلت اور تعلیم میں اعلیٰ معیار کے مقاصد کے فروغ میں
یونیورسٹی کی معاونت کرتا ہے۔Oxford برطانیہ اور چند دیگر ممالک میں
اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کا رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہے

پاکستان میں اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
نمبر ۳۸، سیکٹر ۱۵، کورنگی انڈسٹریل ایریا،
پی۔او بکس ۸۲۱۴، کراچی۔ ۷۴۹۰۰، پاکستان
نے شائع کی

© اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ۲۰۲۴ء

مصنّف کے اخلاقی حقوق پر زور دیا گیا ہے

پہلی اشاعت ۲۰۲۴ء

جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی پیشگی تحریری اجازت، جس طرح واضح طور پر
قانون اجازت دیتا ہے، لائسنس یا ادارہ برائے ریپروگرافکس حقوق کے ساتھ طے ہونے والی
مناسب شرائط کے بغیر اس کتاب کے کسی حصّے کی نقل، کسی قسم کی ذخیرہ کاری جہاں سے اسے دوبارہ
حاصل کیا جا سکتا ہو، کسی بھی شکل میں ٹیکسٹ اور ڈیٹا مائننگ یا مصنوعی ذہانت کی ٹریننگ کے لیے استعمال
یا ترسیل نہیں کی جا سکتی۔ مندرجہ بالا صورتوں کے علاوہ دوبارہ اشاعت کے واسطے معلومات حاصل کرنے
کے لیے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کے شعبۂ حقوقِ اشاعت سے مندرجہ بالا پتے پر رجوع کریں

آپ اس کتاب کی تقسیم کسی دوسری شکل میں نہیں کریں گے
اور کسی دوسرے حاصل کرنے والے پر بھی لازماً یہی شرط عائد کریں گے

ISBN 9789697349562

نوری نستعلیق فونٹ میں کمپوز ہوئی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

# تعارف

محترم اساتذۂ کرام!

ہماری قومی زبان اُردو ایک اہم زبان ہے جس میں اخلاق، ادب و آداب جیسی قیمتی اقدار پوشیدہ ہیں۔ اس کی اہمیت آج کل کم ہوتی جارہی ہے ماحول اور کلچر انگریزی زدہ ہورہے ہیں۔ اُردو کی بوسیدہ کتابوں کو ختم کرکے نئے تقاضوں کے مطابق اُردو کی کتابوں کی ضرورت تھی تاکہ بچّوں کے لیے اُردو کا پڑھنا دل چسپ بنایا جاسکے۔ اس ضرورت اور تقاضے کو بھرپور انداز سے اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی مدد سے ''اُردو سے دوستی'' کی شکل میں پورا کردیا گیا۔ میں نے دن رات کی محنت سے یہ کتابیں اس طرح مرتّب کیں کہ یہ بچّوں کو اُردو پڑھنے پر مائل کریں۔

اب رہا یہ سوال کہ اس نئے طرز پر اُردو پڑھانے کے لیے جدید طریقہ ہائے تدریس کے مطابق تربیت یافتہ اساتذہ کہاں سے لائے جائیں تو یہ تقاضا بھی ٹیچرز گائیڈ یا رہنمائے اساتذہ مرتّب کرکے پورا کردیا گیا ہے۔ ان رہنمائے اساتذۂ کرام میں اسباق کی آمادگی سے لے کر بلند خوانی کے طریقۂ کار، سرگرمیاں کرنے کی سفارشات اور طریقۂ تدریس پیش کیے گئے ہیں۔

یہ رہنما کُتب اساتذہ کی رہ نمائی کے لیے لکھی گئی ہیں تاکہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو اس طرح پڑھائیں اور دورانِ تدریس ایسی سرگرمیاں اور طریقے اختیار کریں کہ بچّے شوق سے اُردو پڑھیں، کام کی باتیں سیکھیں، اچّھے انسان اور اچّھے شہری بن سکیں۔ اُردو سے دوستی کے سلسلے کی ہر کتاب کے اسباق کو دل چسپ بنایا گیا ہے تاکہ بچّوں کو اُردو سیکھنے کی طرف مائل کیا جائے۔ شرط یہ ہے کہ اساتذۂ کرام ہر سبق کو دی ہوئی ہدایات کے مطابق لے کر چلیں۔ ہر ہر قدم پر سبق میں بچّے کی شمولیت اور دل چسپی قائم رہے۔ یہ انداز اُردو زبان کی تدریس، بچّے اور اساتذہ میں سے ہر ایک کو کامیابی کی طرف گامزن کرے گا۔

از ناظمہ رحمٰن

# فہرست


| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | معاون علامات | ۱ |
| ۲ | حروفِ تہجّی | ۱ |
| ۳ | حروفِ تہجّی کا گیت | ۲ |
| ۴ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۳ |
| ۵ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۴ |
| ۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ا‘‘ | ۵ |
| ۷ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے | ۶ |
| ۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’آ‘‘ | ۷ |
| ۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ب‘‘ | ۸ |
| ۱۰ | رنگ بھریے | ۹ |
| ۱۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’پ‘‘ | ۱۰ |
| ۱۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ت‘‘ | ۱۱ |
| ۱۳ | پنسل پھیریے | ۱۲ |
| ۱۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ٹ‘‘ | ۱۲ |
| ۱۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ث‘‘ | ۱۳ |
| ۱۶ | پہچانیے اور لکھیے (جانچ) | ۱۴ |
| ۱۷ | پنسل پھیریے ’’چھوٹی اشکال ب خاندان‘‘ | ۱۵ |
| ۱۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے (مشق) | ۱۶ |
| ۱۹ | چندا ماما | ۱۷ |
| ۲۰ | ملائیے (گنتی ۵-۱) | ۱۸ |
| ۲۱ | پنسل پھیریے | ۱۹ |
| ۲۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ج‘‘ | ۲۰ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۲۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''چ'' | ۲۱ |
| ۲۴ | اپنی پسند کی تصویر بنائیے | ۲۲ |
| ۲۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ح'' | ۲۲ |
| ۲۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''خ'' | ۲۳ |
| ۲۷ | یہ کون سا موسم ہے! | ۲۴ |
| ۲۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے (جانچ) | ۲۶ |
| ۲۹ | جاڑا دھوم مچاتا آیا (نظم) | ۲۷ |
| ۳۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''د'' | ۲۸ |
| ۳۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ڈ'' | ۳۰ |
| ۳۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ذ'' | ۳۱ |
| ۳۳ | تصویر دیکھ کر حرف مکمل کیجیے | ۳۲ |
| ۳۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ر'' | ۳۳ |
| ۳۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ڑ'' | ۳۴ |
| ۳۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ز'' | ۳۵ |
| ۳۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ژ'' | ۳۶ |
| ۳۸ | دو چوزے (نظم) | ۳۷ |
| ۳۹ | پیاسا کوّا | ۳۸ |
| ۴۰ | تلاش کیجیے اور لکھیے ''د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ'' | ۳۹ |
| ۴۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''س'' | ۴۰ |
| ۴۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ش'' | ۴۱ |
| ۴۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ص'' | ۴۲ |
| ۴۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ض'' | ۴۳ |
| ۴۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے 'س، ش، ص آدھی اشکال'' | ۴۴ |
| ۴۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ط'' | ۴۶ |
| ۴۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ظ'' | ۴۷ |

| نمبر شمار | موضوعات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۸ | سبزیاں اور پھل (نظم) | ۴۸ |
| ۴۹ | گنتی ”۶-۱۰“ | ۴۹ |
| ۵۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ع“ | ۵۰ |
| ۵۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”غ“ | ۵۱ |
| ۵۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ف“ | ۵۲ |
| ۵۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ق“ | ۵۳ |
| ۵۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ک“ | ۵۴ |
| ۵۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”گ“ | ۵۵ |
| ۵۶ | لومڑی اور شیر | ۵۶ |
| ۵۷ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ل“ | ۵۷ |
| ۵۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”م“ | ۵۸ |
| ۵۹ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ن“ | ۵۹ |
| ۶۰ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”و“ | ۶۰ |
| ۶۱ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ہ“ | ۶۱ |
| ۶۲ | پڑھیے اور پنسل پھیریے | ۶۲ |
| ۶۳ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ء، ی، ے“ | ۶۳ |
| ۶۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”یہ، وہ، ہے، ہیں“ | ۶۴ |
| ۶۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ہے، ہیں“ | ۶۵ |
| ۶۶ | ایک دو تین (نظم) | ۶۶ |
| ۶۷ | ایک جیسی آوازیں | ۶۷ |
| ۶۸ | مصوّتے ”ا، و، ی، ے“ | ۶۸ |
| ۶۹ | ارکان سازی | ۶۹ |
| ۷۰ | تین حرفی الفاظ | ۷۰ |
| ۷۱ | چار حرفی الفاظ | ۷۱ |

# معاون علامات

## مقاصد

- کسی کتاب کے خدوخال کی شناخت کرسکیں۔ (سرورق، پس ورق، عنوان)
- کسی کتاب کو احتیاط سے پکڑ کر کھول اور بند کرسکیں۔ اس کے صفحات درست سمت و انداز سے پلٹ سکیں۔
- پڑھنے جیسے مختلف رویّوں مثلاً: کب پکڑنا، عبارت پر درست سمت میں انگلی پھیرنا (اردو میں دائیں سے بائیں) وغیرہ کا مظاہرہ کرسکیں۔

## تعارف

یہ تعارفی صفحہ ہے اساتذہ کے لیے تصاویر کے ذریعے ہدایات دی گئی ہیں اساتذہ ان کو غور سے سمجھیں اور مناسب جگہوں پر استعمال کریں۔سرورق اور پس ورق بنی ہوئی تصاویر کے متعلق دل چسپ گفتگو کریں۔ بچّے تصاویر اور خاص طور پر رنگین تصاویر سے خوش ہوتے ہیں اور گفتگو میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتے ہیں۔ یہ بھی بتایئے کہ اُردُو کی کتاب لکھائی اور پڑھائی سیدھے ہاتھ سے الٹے ہاتھ کی طرف جاتی ہے اور انگریزی میں ہم لکھائی پڑھائی الٹے ہاتھ سے سیدھے ہاتھ کی طرف کرتے ہیں۔ بچّوں کو کتاب کے استعمال کا طریقہ اور تہذیب سمجھایئے اس پر ہر گز کچھ نہ لکھیں جب تک کہا نہ جائے صفحہ پلٹنا ہو تو تہذیب کے ساتھ آہستہ سے پلٹیں۔

## صفحہ ۱

# حروفِ تہجّی

## مقصد

- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’نرسری‘‘ صفحہ نمبر ۱
- فلیش کارڈز

## تعارف

حروفِ تہجّی تعداد میں بہت زیادہ ہیں اس لیے ان کو دل چسپ طریقے پر سلسلے سے یاد کروانا ہے۔ ایسی سرگرمیاں جن میں بچّے خوشی سے حصّہ لیں تدریس کو آسان بنادیتی ہیں۔

## آمادگی

بچّوں کی دل چسپی کے لیے حروفِ تہجّی کا گانا بنالیں اور اسکول میں موجود موسیقی کے استاد کے ساتھ مل کر گایئے۔ گانے کی صورت میں دل چسپی پیدا ہوگی اور بچّے یاد کرلیں گے۔ یہ بھی غور کروایئے کہ الف دو طرح کے ہوتے ہیں ایک چھوٹی آواز کا جسے ’’ا‘‘ کہتے ہیں اور ایک لمبی آواز کا جسے ’’آ‘‘ کہتے ہیں۔ ’’ا‘‘ کی آواز نکالتے وقت ایک تالی جتنا وقت لگتا ہے اور آ کی آواز نکالتے وقت دو تالیوں جتنا وقت لگتا ہے کیوں کہ آ کی آواز لمبی

ہوتی ہے۔نقطوں کے ذریعے بھی سکھایئے جیسے اک۔ اور آ سے آپ دونوں کی آوازوں کا فرق سکھایئے۔ آ سے بہت سے لفظ شروع ہوتے ہیں آواز، آج، آس، آپ، آرا، آلو، آڑو وغیرہ اور الف سے اس، ان وغیرہ۔

## سبق کی تدریس

گانے کو اچھی طرح دھن اور لے میں ترتیب دے کر پوری کلاس مل کر گائے۔تھوڑا تھوڑا حصّہ گائیں اور زبانی یاد کریں۔ پھر سب کو ملا کر گائیں۔

## سبق کی تدریس

صوتیات ہر حرف کی ابتدائی آواز بھی سکھایئے۔ الف کے آواز چھوٹی سی اور آ کی آواز نسبتاً لمبی۔ پھر بتایئے کہ اب ''ب'' کا خاندان شروع ہوتا ہے۔ ب، پ، ت، ٹ، ث۔ ب کی چھوٹی آواز بَ۔ پ کی چھوٹی آواز پَ اسی طرح تَ ۔ ٹَ اور ثَ کی چھوٹی آواز نکال کر بتائیں بھی اور سکھائیں بھی۔اسی طرح تمام حروفِ تہجّی کی آوازیں سکھائیں۔ اس سبق کو حصّوں میں بانٹ کر دو دنوں میں مکمل کریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ہر حرف کے بہت سے فلیش کارڈز بنا کر بچّوں کو گروپ میں بٹھائیں اور ہر گروپ باری باری اپنے حصّے کے کارڈ کو پڑھ کر سنائے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں مکمل حروفِ تہجّی کا پرنٹ آوٹ چپکایئے۔ بچّوں کو اس سے دیکھ کر لکھ کر لانے کے لیے کہیے۔

# صفحہ ۲۔۳ — حروفِ تہجّی کا گیت

## مقصد

- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتا سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۲۔ ۳

## آمادگی

پچھلے سبق میں بنایا گیا اردو حروفِ تہجّی کا گانا کا اعادہ کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ وہ دیکھ لیں تو انھیں بتایئے کہ کتاب کے ان صفحات پر ۴ خانے ہیں جن میں گیت کے چار حصّے ہیں۔ ایک وقت میں ۲ حصّے پڑھوایئے اور تصویریں بنوایئے۔

خانہ نمبر۱: پہلے خانے میں تتلی، بطخ، ٹوپی اور ثمر یعنی پھلوں کا ذکر ہے۔ پہلے خانے میں گیت کا جو حصّہ موجود ہے اس کو پڑھوا کروا کر جن چیزوں کا نام

آیا ہے خانے کے سامنے بنانے کو کہیے، اس حصّے کو زبانی یاد کروائیے۔ اجتماعی مشق زیادہ بہتر رہے گی۔تصویریں بھرواکر رنگ بھروائیے۔ پوچھیے۔ بطخ کیسے بولتی ہے؟

خانہ نمبر ۲: اجتماعی بلند خوانی کے ذریعے اس کو یاد کرواکر چند نئے الفاظ کے معنی بتائیے۔ ذخیرہ/ جمع کرنا

"ڑ" کو پڑھاتے وقت یہ ضرور بتائیے کہ اُردو زبان میں کوئی لفظ "ڑ" سے شروع نہیں ہوتا بلکہ لفظ کے بیچ میں آتا ہے۔ ژ سے بھی ایک ہی لفظ شروع ہوتا ہے ژالہ باری اس کا مطلب سمجھائیے یہ شدید ٹھنڈ میں برف گرنے کی ایک قسم ہے۔اس خانے کے اندر کی لائنوں کو اجتماعی طور پر یاد کروائیے اور اس کے آگے ڈول کی تصویر بنائیے۔ جماعت میں "ڈول" لاکر دکھائیے۔ دونوں خانوں کو ملاکر گانا بناکر یاد کراوئیے اور سنیے۔

خانہ نمبر ۳: اس میں لکھی ہوئی لائنوں کو پہلے والے گانے کی لائنوں کے ساتھ ملاکر گیت سنیے۔ اس گیت میں حروف کے شروع کی آواز بھی بچّوں کو یاد ہوجائے گی۔ ایک دن میں دو خانے پڑھائیے۔ گیت سنیے۔حروف کی آوازوں کا امتحان لیجیے۔ جہاں الفاظ معنی سکھاتے ہیں ان کو بھی سنیے۔

خانہ نمبر ۴: اوپر بتائے ہوئے طریقے سے خانہ نمبر ۳ اور ۴ کا مواد بھی پڑھائیے۔ ان دونوں خانوں میں مشکل الفاظ اور معنی نہیں۔ اس لیے صرف یاد کروائیے۔حروف کی آواز سکھائیے اور تصویریں بنائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- اس گانے کا رول پلے کروائیے۔ کچھ بچّوں کو حروفِ تہجّی بنائیے۔ کاغذ کی پرچیاں بنائیے اور ان پر حروفِ تہجّی لکھیے اور بچّے کی قمیص پر لگادیں یعنی کہ ایک بچّہ جسے "ب" بنایا ہے اس کی قمیص پر "ب" لکھ کر لگائیے۔ اسی طرح پوری حروفِ تہجّی بنائیں۔ بچّے حروفِ تہجّی بن کر وہی کام کریں جو اس گانے میں بتایا گیا ہے۔

## گھر کا کام

- جماعت میں جو گانا سیکھا ہے وہ امّی ابّو کو سنائیے۔

## صفحہ ۴ — پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

### مقاصد

- ریت، نمک، کھردرے کاغذ پر یا ہوا میں اپنے ہاتھ کی پہلی دو انگلیوں سے مختلف سادہ خطوط (Lines) اور اشکال بناسکیں۔
- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۴
- درخت کی تصویر
- تختۂ تحریر

## آمادگی

درخت کی بڑی سی تصویر تختۂ تحریر پر لگائیے یا بنائیے۔ بچّوں سے درخت کے بارے میں تفصیلی گفتگو کیجیے۔ پتے کیسے ہوتے ہیں؟ شاخیں کیسی ہوتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔ بچّوں کو باہر لے جائیے اور کوئی درخت دکھائیے۔ درخت کے نیچے لے جاکر بچّوں سے کہیے اسے غور سے دیکھیں۔ انھیں بتائیے شاخیں کن کو کہتے ہیں؟ تنا کیا ہوتا ہے اور کیسا ہوتا ہے؟ تنا زمین سے پانی کھینچ کر شاخوں کے ذریعے پھول پتوں تک لے جاتا ہے۔ یہ ہم کو سایہ، پھل، پھول اور کوئی کوئی درخت گوند بھی دیتا ہے۔ نیم کا درخت ہَوا کو صاف اور صحت مند بناتا ہے۔ درخت ہماری قدرتی دولت ہیں۔ چڑیاں ان پر گھونسلے بناتی ہیں۔ صبح صبح ان پر بیٹھ کر اللہ کے گیت گاتی ہیں۔ اسی طرح درخت سے منسلک باتیں بتاکر آگاہی دیجیے۔

## سبق کی تدریس

جماعت میں واپس آکر چند سوالات کیجیے کہ انھوں نے کیا کیا دیکھا اور سیکھا پھر ان کو صفحہ ۴ پر بنے ہوئے درخت پر پنسل پھروائیے۔ درخت کے اندر ہرا رنگ بھروائیے اور پوچھیے تنا کس رنگ کا ہوتا ہے۔ امید ہے درست جواب ملے گا ورنہ اساتذہ مدد کریں اور بتائیں کہ بھورا رنگ تنے میں بھریں۔ طلبہ سے پہلے زبانی گنتی گنوا کر پوچھیے کہ کتنے انار ہیں؟ ساتھ مل کر گنتی کئی دفعہ گنوائیے اور پوچھیے کتنے انار ہیں؟ تنے میں کون سا رنگ بھرا جائے گا۔ درخت میں کون سا رنگ بھریں گے؟ انار کس رنگ کے ہیں۔ انار کتنے ہیں؟ سبق میں نیچے دی گئی ہدایات پر غور کرکے کوئی سرگرمی رہ گئی ہو تو اسے کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کاپی میں درخت بنوائیے، رنگ بھروائیے۔

## گھر کا کام

- آپ کے گھر میں یا گھر کے آس پاس کتنے درخت ہیں۔ دیکھ کر آئیے دوسرے دن جماعت میں آکر بتائیے۔

# صفحہ ۵ | پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

## مقاصد

- ریت، نمک، کھردرے کاغذ پر یا ہَوا میں اپنے ہاتھ کی پہلی دو انگلیوں سے مختلف سادہ خطوط (Lines) اور اشکال بنا سکیں۔
- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھر سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵
- چھتری، رنگین پنسلیں

## آمادگی

بچّوں کو ایک چھتری دکھائیے۔ پوچھیے یہ کیا ہے؟ یہ کس کس کام آتی ہے؟ دو جواب ملنے چاہییں بارش سے بچنے اور دھوپ سے بچنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

سوالات پوچھیے

- کیا آپ کے پاس چھتری ہے؟
- چھتری چھوٹی بھی ہوتی ہے اور بڑی بھی۔ کیا یہ بات دُرست ہے؟
- چھتری بند بھی ہوجاتی ہے اور کھل بھی جاتی ہے کیا یہ بات دُرست ہے؟
- برسات کے موسم میں چھتری لے کر چلنے کے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟
- چھتری کس کس موسم میں استعمال ہوتی ہے؟

## سبق کی تدریس

گفتگو کے بعد کاپی میں بنی ہوئی نقطوں والی چھتری کی تصویر پر پنسل پھروایئے۔ بچّے تصویر میں اپنی پسند کا رنگ بھریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ پر چھتری کی تصویر بنوایئے اور رنگ بھروایئے۔

## صفحہ ٦ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ا''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ٦
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- ''ا'' سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ا'' لکھیں یا کٹ آؤٹ (پہلے سے بنا ہوا) لگائیں۔ بچّوں سے پوچھیں یہ کیا ہے؟ تمام بچّوں سے جواب لیں۔ دیکھیں وہ کیا بتاتے ہیں۔ پھر آپ انھیں بتایئے کہ یہ ''ا'' ہے اور اس کی آواز ''ا'' یہ ہے۔ اب بچّوں سے پوچھیے ''ا'' سے کون کون سی چیزوں کے نام آتے ہیں یا شروع کی آواز ''ا'' کی ہوتی ہے۔مثال بتایئے جیسے کہ ''ا'' سے اللہ، ''ا'' سے انار، ''ا'' سے انڈا وغیرہ۔ اب بچّوں سے پوچھیے، کوشش کیجیے کہ تمام بچّے جواب دے سکیں۔ اچھی طرح زبانی مشق کروایئے۔ بچّوں کو بتایئے کہ لکھتے وقت اس کو اوپر سے نیچے کی طرف لکھتے ہیں۔ فلیش کارڈز کی مدد سے مشق کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کے صفحے پر دی گئی تصاویر کر نام پوچھیے۔ ”ا“ کے بارے میں پوچھیے یہ کیا ہے؟ تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو تصاویر کے فلیش کارڈز دیجیے اور ان میں ان چیزوں کو ڈھونڈیں جو ”ا“ سے شروع ہوتی ہیں۔

## گھر کا کام

- بچّوں کو کاپی میں ”ا“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۷ — پنسل پھیریے اور رنگ بھریے

مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھرسکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۷
- لال پیلے اور ہرے رنگ کی اشیا
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

جماعت میں پہلے سے لال پیلے اور ہرے رنگ کی اشیاء لا کر رکھیے۔ بچّوں سے چیزوں کے رنگ پوچھیے۔ کوشش کیجیے کہ سب بچّے جواب دیں۔ اب آپ بچّوں کو دُرست نام بتائیے۔ بچّوں سے پوچھیں کہ انھوں نے اس رنگ کی کون کون سی چیزیں دیکھی ہیں؟ پھلوں، سبزیوں میں سے پوچھیے۔ رنگوں کے کارڈز کی مدد سے مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

بچّوں سے پوچھیے صفحے پر کیا بنا ہوا نظر آرہا ہے۔ یقیناً سب بچّے کہیں گے غبارے۔ پوچھیے کیا آپ سب کو غبارے پسند ہیں؟ غباروں میں وہ رنگ بھروایئے جو ہر غبارے کے ساتھ دیا ہو۔ بچّوں سے ہر رنگ کا نام پوچھیے تاکہ اندازہ ہو کہ وہ یہ رنگ پہچانتے ہیں پھر سب سے اجتماعی مشق کروائیے۔ لال، پیلا، ہرا۔ ہر غبارے میں ان میں سے ایک رنگ بھروایئے غباروں کی لائن کے نیچے بنی ہوئی ان اشکال میں بھی یہی رنگ بھروایئے۔ لال غبارے کے نیچے ”لال“، پیلے غبارے کے نیچے ”پیلا“ اور ہرے غبارے کے نیچے ”ہرا“ اس کے نقطوں سے بنے ہوئے ”ا“اور ”آ“ مد پر پنسل پھروائیے۔ ~ اس شکل کا نام ”مد“ ہے۔ اس کی اچھی طرح مشق کروائیے کہ ذہن نشین ہوجائے۔

## سر گرمیاں (تجاویز)

- لال پیلا اور ہرا الفاظ کے ساتھ رنگ کے فلیش کارڈز دیں۔ یہ کام گروہ میں کروایئے۔ اب جماعت میں کوئی ایک رنگ پکاریں۔ بچّے اس رنگ کا کارڈ ہَوا میں بلند کر کے دکھائیں۔ اسی طرح مشق کروایئے۔

## گھر کا کام

- تینوں رنگوں میں سے کسی ایک رنگ کی کوئی چیز لے کر آئیں۔
- کاپی میں ان رنگوں میں سے کسی ایک رنگ کی جیسے: لال پھول یا ہرا پتہ کی تصویر بنا کر رنگ بھر کر لایئے۔

## صفحہ ۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''آ''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۸
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''آ'' لکھیں یا کٹ آؤٹ (پہلے سے بنا ہوا) لگائیں۔ بچّوں سے پوچھیں یہ کیا ہے؟ تمام بچّوں سے جواب لیں۔ دیکھیں وہ کیا بتاتے ہیں۔ پھر آپ انھیں بتایئے کہ یہ ''آ'' ہے اور اس کی آواز ''آ'' یہ ہے۔ اب بچّوں سے پوچھیے ''آ'' سے کون کون سی چیزوں کے نام آتے ہیں یا شروع کی آواز ''آ'' کی ہوتی ہے۔مثال بتایئے جیسے کہ ''آ'' سے آڑو، ''آ'' سے آلو، ''آ'' سے آم وغیرہ۔ اب بچّوں سے پوچھیے، کوشش کیجیے کہ تمام بچّے جواب دے سکیں۔ اچّھی طرح زبانی مشق کروایئے۔ بچّوں کو بتایئے کہ لکھتے وقت اس کو اوپر سے نیچے کی طرف لکھتے ہیں۔ فلیش کارڈز کی مدد سے مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب میں دی گئی تصویروں کے نام پڑھوایئے۔ اچّھی طرح مشق کر کے نقطوں سے لکھے ہوئے حروف پر پنسل پھروایئے۔ نیچے دی گئی ہدایات پر بھی غور کروایئے۔

### سر گرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کہیے دیکھیے آ سے اور بھی لفظ ملے ہیں جیسے آ سے آلو  ۔ آ سے آم  ۔ کاپی میں بنوایئے۔ رنگ بھروایئے اور لکھوایئے۔

### گھر کا کام

- کاپی میں "آ" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۹ — پڑھیے اور پنسل پھیریے "ب"

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۹

### آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "ب" لکھیں یا کٹ آؤٹ (بنا کر) لگائیں۔ بچّوں سے پوچھیں یہ کیا ہے؟ تمام بچّوں سے جواب لیں۔ دیکھیں وہ کیا بتاتے ہیں۔ پھر آپ انھیں بتائیے کہ یہ "ب" ہے اور اس کی آواز "ب" یہ ہے۔ اب بچّوں سے پوچھیے "ب" سے کون کون سی چیزوں کے نام آتے ہیں یا شروع کی آواز "ب" کی ہوتی ہے۔ مثال بتائیے جیسے کہ "ب" سے بلی، "ب" سے بطخ، "ب" سے بارش وغیرہ۔ اب بچّوں سے پوچھیے، کوشش کیجیے کہ تمام بچّے جواب دے سکیں۔ اچّھی طرح زبانی مشق کروائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ لکھتے وقت اس کو دائیں سے بائیں کی طرف لکھتے ہیں۔ فلیش کارڈز کی مدد سے مشق کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ یہاں ب ب الگ الگ بھی لکھا ہے اور ملا کر بھی لکھا اور ببببب ملا کر بھی ان سب کی مشق کروائیے۔ بادل اور بارش والی تصویر کو دیکھ کر بارش پر گفتگو کروائیے۔ کیا آپ کو بارش اچّھی لگتی ہے۔ بارش کے موسم میں کیا کیا مزے کرتے ہیں۔ لکھتے وقت خیال رکھیے کہ اردو کس سمت سے لکھی جاتی ہے۔ ب کے ساتھ لگا ہوا نقطہ اس بات کا اشارہ ہے کہ سیدھے ہاتھ کی سمت سے الٹے ہاتھ کی طرف لکھتے ہیں۔

بادل۔ بارش کی تصاویر کاپی میں بنوائیے اور لکھوائیے بھی۔ "ب" کی آواز کیسی ہوتی ہے سنیے۔ "ب" سے اور جو لفظ شروع ہوتے ہیں وہ کہلوائیے جیسے برتن، بوری، بول، بی بی، بال، باریک، بالا وغیرہ۔ کتاب میں لکھائی کا کام کروالیں اور پھر کاپی میں بھی لکھوالیں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی سرگرمی کروائیے۔ جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر انھیں فلیش کارڈز دیجیے اور [ ب ] کا فلیش کارڈز ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔ ہر گروہ کا ہر بچّہ سرگرمی کرنے میں حصّہ لے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ب" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۱۰

**رنگ بھریے**

### مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھر سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۱۰
- قدرتی منظر کی تصویر
- تختۂ تحریر

### آمادگی

بچّوں کو دکھانے کے لیے پہلے سے ایک منظر کی تصویر تلاش کر کے رکھیے جس میں قدرتی منظر ہو، درخت، آسمان، پرندے، گھر، سورج، پھُول وغیرہ نظر آرہے ہوں۔ بچّوں کو تصویر دکھا کر اس کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں کو جماعت سے باہر لے آیئے۔ ان سے پوچھیے آسمان کا رنگ کیسا ہے؟ درخت کے پتّوں کا رنگ کیا ہے؟ پھول کس کس رنگ کے ہیں؟ اگر کوئی پرندہ وہاں ہو تو اس کی طرف توجّہ دلایئے۔ اسکول کی دیواروں کا رنگ کیسا ہے؟ اسی طرح سوال پوچھیے بچّوں سے جوابات لیجیے پھر جماعت میں جایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر دی گئی تصویر کے خاکے کے بارے میں بات چیت کیجیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے۔ زبانی طور پر پوچھیے کہ کس چیز میں کیا کیا رنگ بھرنا چاہیے۔ اب ان کو رنگ بھرنے دیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ اچھّے کام پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کہیے کتاب میں دی گئی تصویر میں نظر آنے والی چیزوں میں سے کوئی ایک منتخب کریں اور اس کو کاپی میں بنا کر رنگ بھریں مثلاً: گھر، آسمان، بادل، پھُول، درخت وغیرہ۔

### گھر کا کام

- کاپی میں درخت یا پھُول کی تصویر بنایئے اور رنگ بھریے۔

صفحہ ۱۱

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ''پ''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۱
- حرف ''پ'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''پ'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''پ'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''پ'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''پ'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ دی گئی تصاویر اور نام پڑھوائیے۔ پ سے مزید الفاظ بچّوں سے حاصل کیجیے اور زبانی بتائیے۔ جیسے: پوری، پرانی، پر، پردہ، پرسوں، پرانا، پرس وغیرہ۔ کتاب میں لال نقطے اور تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- میز پر ''ب'' اور ''پ'' کے الفاظ کے فلیش کارڈ ملا کر رکھیں اور کہیے کہ ''ب'' کے الفاظ الگ کریں اور ''پ'' کے الگ۔ اسی میں ''ا'' اور ''آ'' کے الفاظ بھی ملادیں۔ پھر فلیش کارڈ سے لفظ بنانا سکھائیں۔ آم، آپ، اب، اس وغیرہ۔ یہ دل چسپ کھیل رہے گا۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''پ'' لکھوائیے۔ پتہ بنا کر رنگ بھریں۔

# صفحہ ۱۲

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ت''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۲
- حرف ''ت'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- حرف ''ت'' سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کی تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ت'' کا کٹ آؤٹ بنا کر لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ت'' کی آواز بتایئے۔ ''ت'' سے شروع ہونے والی اشیا بچّوں کو دکھایئے جیسے تالا، تربوز وغیرہ۔ تالی بجایئے۔ بچّوں سے بھی تالی بجوایئے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے اور کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے ''ت'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ت'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں سے پوچھیے یہاں کیا ہے؟ تصویروں کے نام پوچھیے، پڑھوایئے۔جس وقت بچّے لکھ رہے ہوں اساتذہ نظر رکھیں کہ وہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں اور لائن کو نقطوں سے باہر نہ جانے دیں۔ یہ تربیت لفظ اور حرف لکھنے میں کام آئے گی۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- حروفِ تہجّی اور تصاویر کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں اور ''ت'' کا فلیش کارڈز ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ت'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- ''ت'' سے شروع ہونے والی کسی ایک چیز کی تصویر بنا کر رنگ بھریے۔

## صفحہ ۱۳ — پنسل پھیریے

### مقصد

- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۳
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

تختۂ تحریر پہ اعادے کا کام ہے۔مختلف نمونوں کی لائنیں بنائیے جیسے کہ کتاب کے صفحہ ۱۳ پر بنی ہوئی ہیں۔ نوک دار لائنیں، گولائی والی لائنیں، لہردار لائنیں اور عمودی سیدھی لائنیں۔ اب بچّوں کو بلا کر ان سے اسی طرح کی لائنیں بنانے کے لیے کہیے۔ وہ جیسی لائنیں بھی بنائیں ان کو بنانے دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۱۳ کھلوائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ اب یہ کام کریں گے۔ بچّے یقیناً خوش ہوجائیں گے کہ ہم نے ابھی تو یہی کام کیا ہے۔ بچّوں کو رنگین پنسلیں دیں اور ان سے نقطوں پر پنسل پھروائیے ہر لائن کے لیے بچّے الگ الگ رنگ کی پنسل استعمال کرسکتے ہیں۔ دوران کام جائزہ لیتے رہیے۔

## صفحہ ۱۴ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ٹ''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۴
- حرف ''ٹ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حرف ''ٹ'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ٹ'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ٹ'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ٹ'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ٹ'' کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچّھی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، کم از کم ایک دو دفعہ پڑھوائیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی سرگرمی کروائیے۔ جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر انھیں فلیش کارڈز دیجیے اور | ٹ | کا فلیش کارڈز ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔ ہر گروہ کا ہر بچّہ سرگرمی کرنے میں حصّہ لے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ٹ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۱۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ث''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۵
- حرف ''ث'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- حرف ''ث'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "ث" لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ "ث" کی آواز بتائیے۔ بچّے س، ص اور ث کی آواز کو سمجھنے میں گڑ بڑ کر دیتے ہیں اس لیے تفصیل اور احتیاط کے ساتھ بچّوں کو درست آواز سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ "ث" سے زیادہ چیزوں کے نام نہیں آتے انھیں ثمر کے بارے میں اچّھی طرح سمجھائیے، مختلف پھلوں کے بارے میں بات کیجیے، "ث" سے شروع ہونے والے ناموں کے بارے میں بات کیجیے، جیسے ثمینہ، ثاقب، ثریّا وغیرہ۔ کچھ ایسے الفاظ بھی بتائیں جن میں "ث" آتا ہو جیسے اثر۔ پہلے سے "ث" سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ "ث" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچّھی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، پڑھوائیے۔ ایک سے دو دفعہ کم سے کم۔ نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- "ث" کے فلیش کارڈز مختلف تصویروں ("ث" سے شروع ہونے والی) دوسرے فلیش کارڈز کے ساتھ ملا کر بچّوں کو دیں اور "ث" کا فلیش کارڈز تلاش کرنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "ث" لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۱۶ | پہچانیے اور لکھیے (جانچ)

### مقصد

- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتاسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۱۶
- "ا"، "آ" اور "ب" خاندان کے حروف سے شروع ہونے والی اشیا

## آمادگی

بچّوں سے "ا" اور "ب" کے خاندان کا اعادہ کروائیے۔ فلیش کارڈز کی مدد سے سرگرمی کروائیے۔ ان حروفِ تہجّی ا، آ، ب، ت، ٹ اور ث سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھیے یا ایسی اشیاء دکھائیے جن کی شروع کی آواز یہی حروفِ تہجّی ہوں۔ پھر بچّوں سے درست آواز پوچھیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر پہلے بچّوں کو کام سمجھائیے کہ انھیں خالی جگھوں میں درست حروف تہجّی لکھنا ہے جس کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ بچّوں کو یہ کام انفرادی طور پر کرنے دیں۔ دوران کام جائزہ لیتے رہیں اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

# صفحہ ۱۷ پنسل پھیریے ’’چھوٹی اشکال ب خاندان‘‘

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ’’بطخ‘‘ میں آواز /ب/ اور ’’جہاز‘‘ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’نرسری‘‘ صفحہ نمبر ۱۷
- تختۂ تحریر
- ’’ب‘‘ خاندان کے حروف کی شروع کی آواز والی اشیا/ تصاویر

## آمادگی

تصاویر /اشیا کے شروع کی آواز پوچھیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ ’’ب‘‘ کے خاندان کے حروف کا اعادہ کروایئے۔ بچّوں کو تختۂ تحریر کے پاس بلا کر ان سے تختۂ تحریر پر ’’ب‘‘ اور اس خاندان کے دوسرے حروف پ، ت، ٹ، ث اور ان کی چھوٹی اشکال لکھنے کی مشق کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر تیر کے نشان کی مدد سے نقطوں پر پنسل پھروایئے سمت کا خیال رکھیے کہ بچّے غلطی نہ کریں اور دائیں سے بائیں ہی لکھیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- تختۂ تحریر پر باری باری بچّوں کو بلا کر ’’ب‘‘ خاندان کے حروف کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کی مشق کروایئے۔

## گھر کا کام

- ’’ب‘‘ خاندان کے حروف کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کے لیے دیجیے۔

# صفحہ ۱۸ — پڑھیے اور پنسل پھیریے (مشق)

## مقصد

- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا


- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۱۸
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## تعارف

یہ مشق ”ب“ کے خاندان کی آوازوں کا اعادہ ہے اور چھوٹی اشکال کے ساتھ ”ا“ ملا کر الفاظ بنانے کا آغاز ہے پچھلے صفحے پر چھوٹی اشکال لکھنے کی مشق کروائی گئی ہے۔

## آمادگی

اردو زبان کی تحریر ایک خاص طریقۂ تدریس چاہتی ہے جیسے کہ پہلے ہم نے حُروفِ تہجّی کو پہچاننے کے لیے ان کے خاندانوں کی تقسیم کا حوالہ دیا تھا اسی کو بنیاد بن اکر اب ان کو اسے جوڑنا سکھائیں گے۔ تو سب سے پہلا خاندان ”ب“ کا آتا ہے تو پہلے بچّوں کو زبانی سکھائیں۔ اس کے لیے ”ب“ کے خاندان (ب،پ، ت، ٹ، ث) کے فلیش کارڈز اور ”ا“ کا فلیش کارڈ اور با پا تا ٹا ثا کے فلیش کارڈ کی مدد سے پڑھائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ ”ا“ سے ملنے کے بعد تمام حُروف کی آواز لمبی ہوجائے گی آواز کی مشق کراویئے۔ با کی آواز کی مشق کروایئے اور بار بار کہلوایئے ب ا با، پ ا پا اور اسی طرح ث تک جایئے اور صوتیات پر بہت زیادہ توجہ دیں۔ تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھایئے اور جب لکھیں تو اس دوران بآواز بلند کہیں۔ پہلے چھوٹی سی ب بنائی اور پھر اس میں ملایا ”ا“۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ منہ سے بآواز بلند ادا کرتے جائیں اور مشق کرتے جائیں۔



## سبق کی تدریس

زبان سے ادا کرنے سے وہ باآسانی درست سمت میں لکھ سکیں گے۔ اوپر بتایا ہوا طریقہ یعنی بول کر لکھنا اس غلطی سے بچالے گا۔ اسی طرح اس خاندان کے ایک ایک حرف کو لکھنا سکھائیں اور پھر کتاب میں دیے گئے نقطوں پر بھی ہاتھ پھیریں اور یہ گاتے جائیں۔ ”با“ لکھتے ہیں نیچے سے اوپر۔اسی طرح ”پا“ سے لفظ بنا کر دکھائے گئے ہیں اور ”ٹا“ سے بھی۔ ”با“ ”ٹا“ کو ملا کر لفظ بھی بتائے ہوئے طریقہ پر سکھائیں۔منہ سے بول کر لکھنا غلطی کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ یہ بھی بتایئے کہ اس رکن کو اگر دوبارہ لکھیں گے تو اک لفظ بن جائے گا۔ جیسے: بابا، پاپا، ٹاٹا، باٹا۔ پھر کتاب

میں نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ بنایئے ہر کارڈ پر ایک لفظ لکھا ہوا ہو اور کچھ کارڈز پر صرف با، پا، تا، ٹا،ثا لکھا ہوا ہو تا کہ بچّوں سے کھیل کھیل میں دو کارڈ اس طرح ملانے کو کہیں جن سے با معنی لفظ بنتا ہو جیسے پاپا | پا | | پا | ایک کھانے کا پاپا دوسرا وہ جو بچّے اپنے ابّو کو کہتے ہیں۔
- حروفِ تہجّی (ب کا خاندان) اور ''ا'' کا فلیش کارڈ دے کر ارکان سازی کروایئے اور درست آواز نکلوایئے

## گھر کا کام

- ''ب، پ، ت، ٹ، ث'' کی چھوٹی اشکال کاپی میں لکھوایئے۔

## صفحہ ۱۹ | چندا ماما (نظم)

### مقاصد

- ترنّم، سُرتال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۱۹
- فلیش کارڈز
- گتّے کا چندا ماما

### آمادگی

کاغذ سے ایک چاند بنا کر تختۂ تحریر پر لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا ہے؟ بچّے یقیناً کہیں گے چاند یا چندا ماما۔بچّوں سے پوچھیں ان کو چندا ماما کیسے لگتے ہیں؟ بچّوں سے پوچھیے چندا ماما کون ہیں؟ بچّے یقیناً درست جواب بتائیں گے۔سب سے پوچھیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا انھوں نے کبھی چندا ماموں کی کہانی سُنی ہے؟ پوچھیے کس نے سنائی؟ یہ بھی پوچھیے کہ انھیں کہانی کیسی لگی؟ بچّوں سے جوابات لینے کے بعد ان کو بتایئے کہ آج ہم چندا ماما کی نظم پڑھیں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۱۹ کھلوایئے۔ بچّوں کو تصاویر دیکھنے کے لیے کہیے۔ ان سے پوچھیے کہ وہاں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ سب سے جوابات لیجیے۔ اب بلندخوانی کروایئے۔ پہلے نظم کو آپ خود پڑھیں، ترنّم، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کے اشاروں کے ساتھ پڑھیے۔ بچّے سنیں اور پھر اساتذہ اپنے ساتھ پڑھائیں۔ پوری نظم دو یا تین دفعہ پڑھائیں تا کہ روانی اور خود اعتمادی سے پڑھ سکیں۔ پڑھنے کا انداز دل چسپ ہونا چاہیے تا کہ بچّے دل چسپی لے سکیں۔

نظم کو تین تین یا چار چار کے حصّوں میں بانٹ کر پڑھائیے۔ کاپی میں چندا ماموں بنوا کر رنگ بھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- نظم کے الفاظ کے فلیش کارڈز بنائیے اور انھیں دوسرے الفاظ کے فلیش کارڈز میں ملادیں۔ اب گروہی شکل میں سرگرمی کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ الفاظ ڈھونڈ کر نکالیں جو کتاب میں نظم میں بھی موجود ہیں۔ ہر گروہ سے پانچ الفاظ ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔ اچھے کام پر شاباش دیجیے۔

## گھر کا کام

- نظم چندا ماما پڑھ کر آئیے۔

## صفحہ ۲۰ | ملائیے (گنتی ۵۔۱)

### مقصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۲۰
- گنتی کرنے کے لیے کچھ چیزیں
- ایک سے پانچ تک عدد اور لفظی گنتی کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### آمادگی

چیزوں کی مدد سے ایک سے پانچ تک گنتی کا اعادہ کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ جماعت میں سے ۴ چیزوں کو گنیں۔ فلیش کارڈز کی مدد سے الفاظ میں گنتی پڑھوائیے۔اچّھی طرح مشق کروائیے۔ زبانی مشق کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ ایک دوسرے کے ہاتھ کی انگلیاں گنیں کہ ایک ہاتھ میں کتنی انگلیاں ہیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں کو سمجھنے دیجیے۔ بچّے یہاں تصاویر کو گنیں گے پھر درست عددی اور لفظی گنتی سے ملائیں گے۔ بچّوں کو یہ کام خود سے کرنے دیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے۔ اچھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر بچّوں کو فلیش کارڈز دیں اور گنتی کرنے کے لیے چیزیں دیں۔ ان سے کہیں کہ جس طرح کتاب میں سرگرمی بنی ہے ایسی ہی سرگرمی ڈیسک پر یا زمین پر بنائیں۔ [ ا ] [ ایک ] [  ] اس مثال کی طرح اچّھی طرح مشق کرنے

دیں۔ اس طرح اسے پانچ تک کی گنتی ذہن نشین ہوجائے گی اور لفظی گنتی کی شکل بھی یاد ہوجائے گی۔

## گھر کا کام

- ۱ سے ۵ تک گنتی لکھ کر لانے کو دیں۔

## صفحہ ۲۱

## پنسل پھیریے

### مقصد

- تحریری آلے (Writing Tool) مثلاً: سادہ رنگین پنسل یا قلم وغیرہ پر مؤثر وسہل انداز سے بنیادی گرفت رکھتے ہوئے افقی و عمودی خطوط (Lines) کھینچ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۲۱
- پاکستان کا پرچم یا جھنڈیاں
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

بچّوں کو پاکستان کا جھنڈا دکھایئے۔تصویر کی شکل میں یا پھر تختۂ تحریر پر بنا کر۔ ان سے پوچھیے کہ جھنڈے پر کیا بنا ہوا ہے۔ بچّے یقیناً کہیں چاند تارا۔ بچّوں کو بلا کر تختۂ تحریر پر ان سے چاند تارا بنوایئے۔سب بچّوں کو باری باری بلا کر یہ کام کروائیں۔ بچّے دل چسپی سے یہ کام کریں گے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے کام سمجھایئے۔ بچّوں سے نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ بچّے یہ کام رنگین پنسلوں سے بھی کر سکتے ہیں۔ بعد میں دی گئی جگہ پر چاند تارا بنوایئے رنگ بھروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں سے کاغذ پر پاکستان کا پرچم بنوا کر رنگ بھروایئے۔ چاند تارا بنانا بچّوں کے لیے آسان نہیں ہوگا وہ بنانے میں ان کی مدد کیجیے۔ بعد میں تمام جھنڈے جماعت میں آویزاں کیجیے۔

# صفحہ ۲۲

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ج“

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۲۲
- حرف ”ج“ کا کٹ آؤٹ
- ”ج“ سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر

## تعارف

آج سے ”ج“ کے خاندان کے حروف کی پڑھائی اور لکھائی شروع ہوگی۔ یہ تمام حروف دیکھنے میں اور لکھنے میں ایک جیسے ہوتے ہیں صرف نقطوں کا فرق ہوتا ہے اس لیے ان سب کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”ج“ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”ج“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”ج“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ”ج“ کی آواز اور شکل کو اچھّی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچھّی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، پڑھوائیے۔ ایک سے دو دفعہ کم سے کم۔ نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے ”ج“ اور ”ج“ سے شروع ہونے والے الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ج“ لکھوائیے۔

# صفحہ ۲۳　　پڑھیے اور پنسل پھیریے ”چ“

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۲۳
- حرف ”چ“ کا کٹ آؤٹ
- ”چ“ سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ”چ“ لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ”چ“ کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ”چ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لاکر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ”چ“ کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچّھی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، پڑھوائیے۔ ایک سے دو دفعہ کم سے کم۔نقطوں پر پنسل پھِروائیے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”چ“ کے الفاظ اور ”چ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر فلیش کارڈز کی مدد سے ”چ“ کی پڑھائی کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”چ“ لکھ کر لانے کے لیے کہیے۔

## صفحہ ۲۴ — اپنی پسند کی تصویر بنائیے

### مقصد

- حُروف، اشیا اور الفاظ کی تصویروں میں مختص کردہ جگہ میں رنگ بھر سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۲۴
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

بچّوں کو بتائیے کہ آج ہم تصویر بنانے کا کام کریں گے۔سب بچّے اپنی اپنی پسند کی تصویر بنائیں گے اور رنگ بھریں گے۔ اب پوچھیے کہ کون، کون سی تصویر بنائے گا۔سب بچّوں سے زبانی جوابات لیجیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر کام کروائیے۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو مدد کیجیے۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔بچّے تصویر بنالیں تو انفرادی طور پر ہر بچّے سے پوچھیے کہ اس نے تصویر میں کیا بنایا ہے۔

### گھر کا کام

- اپنی پسند کی تصویر کاپی میں بنا کر لائیے۔ رنگ بھی بھریے۔

## صفحہ ۲۵ — پڑھیے اور پنسل پھیریے "ح"

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۲۵
- حرف "ح" کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر، فلیش کارڈز
- "ح" سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا ''ح'' لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ ''ح'' کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیے۔ پہلے سے ''ح'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیجیے۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کرکے سب کے نام بتائیے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ ''ح'' کی آواز اور شکل کو اچھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچّھی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، کم سے کم ایک سے دو دفعہ پڑھوائیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ح'' کے الفاظ اور ''ح'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر فلیش کارڈز کی مدد سے ''ح'' کی پڑھائی کروائیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ح'' لکھ کر لانے کے لیے کہیے۔

## صفحہ ۲۶ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''خ''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۲۶
- حرف ''خ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''خ'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر بڑا سا "خ" لکھیے یا کٹ آؤٹ بنا کر لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہے؟ "خ" کی آواز بتائیے۔ بچّوں کو بھی سکھائیے۔ اب پوچھیے کہ اس آواز سے کون کون سی چیزیں آتی ہیں۔ بچّے جو بتاتے جائیں وہ تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔ پہلے سے "خ" سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں یا چیزیں لا کر رکھ لیں۔ اب وہ تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیں اور چیزیں میز پر رکھیں۔ ایک ایک کر کے سب کے نام بتایئے اور بچّوں سے بھی پوچھیے کہ یہ کس آواز سے شروع ہوتے ہیں۔ اس طرح وہ "خ" کی آواز اور شکل کو اچّھی طرح سے سیکھ جائیں گے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ پہلے بچّوں کو موقع دیں کہ وہ صفحے کو اچّھی طرح دیکھ لیں۔ بچّوں سے پوچھیں اس صفحے پر کیا کام کرنا ہے۔ امّید ہے بچّے فوراً بتادیں گے۔ پہلے تصاویر کے نام پوچھیے، پڑھوایئے۔ ایک سے دو دفعہ کم سے کم۔نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ خیال رہے کہ درست سمت میں ہاتھ چلائیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- حروفِ تہجّی اور تصاویر کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں۔ "خ" اور کتاب کے صفحہ پر دی گئی تصاویر کے فلیش کارڈز ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں "خ" لکھنے کو دیجیے۔

## صفحہ ۲۷ — یہ کون سا موسم ہے!

## مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۲۷
- موسموں کی تصاویر
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّوں سے معلوم کیجیے کہ وہ سال میں کون کون سے موسم دیکھتے ہیں؟ ان کو بتایئے ہمارا ملک خوش قسمت ہے کہ اس میں ۴ موسم ملتے ہیں دنیا میں ایسے بھی ملک ہیں جہاں بہت زیادہ سردی ہوتی ہے پھر ہلکی سردی اور گرمی کبھی ہوتی ہی نہیں۔ بچّوں سے کہیے کہ کتاب میں دی ہوئی چار تصویروں کو غور سے دیکھیں۔ پہلی تصویر کی شاخوں پر سفید روئی کی طرح ایک چیز نظر آرہی ہے یہ برف ہے۔ جو شدید سردی میں آسمان سے گرتی ہے۔تصویر میں درخت

کے پتے لال نظر آرہے ہیں۔خزاں کےموسم میں درختوں کے پتے رنگ بدلتے ہیں اور ہرے درخت لال، پیلے، نارنجی رنگ کے پتوں میں بدل کر نہایت حسین لگتے ہیں۔ یہ خزاں کا موسم ہے اور اس موسم میں پتے گرتے بھی ہیں۔ زمین پر پتے ہی پتے گرے ہوئے نظر آتے ہیں اور جو پتے ابھی درخت پر ہیں ان کی وجہ درخت خوب صورت نظر آتے ہیں۔خزاں کے بعد گرمی کا موسم آتا ہے، پاکستانی بچّے تو گرمی بہت دن تک اور بہت سخت گرمی دیکھتے ہیں۔ گرمی میں ہوا بھی گرم چلنے لگتی ہے جسے لُو کا چلنا کہتے ہیں۔ لُو کے اثر سے لوگ بیمار بھی ہوجاتے ہیں۔ پرندے بھی درختوں کی ٹھنڈک میں چھپ کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ایک موسم ہے بہار کا درختوں پر نئے پھول، پتے، پھل لگتے ہیں۔ یہ حسین موسم درختوں کو اور خوب صورت کر دیتا ہے۔موسم کے ساتھ اس کی مناسبت سے انسان اپنا لباس بھی بدلتا ہے۔سردیوں میں موٹے اور گرمیوں میں باریک ہلکے رنگ کے کپڑے پہنے جاتے ہیں۔سردیوں میں شال، سوئیٹر اور کوٹ پہن کر اپنا جسم گرم رکھا جاتا ہے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۲۷ کھلوا کر بچّوں کو تصویریں دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّے تصویریں دیکھ لیں تو ان کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ بچّوں سے مختصر سوالات کیجیے۔
تصویریں دکھا کر بچّوں سے سوالات کیجیے۔

- کیا آپ نے برف گرتے دیکھی ہے؟
- برف کو دیکھ کر کیسا لگتا ہے؟
- برف میں عام طور پر کیا بناتے ہیں؟
- چاروں طرف برف کی سفید چادر کیسی لگتی ہے؟
- عام طور پر برف سے بچّے کیا بناتے ہیں؟
- خزاں کے موسم میں درختوں میں کیا تبدیلی آتی ہے؟
- پتے کس کس رنگ کے نکلتے ہیں؟
- زیادہ تر درخت کی شاخیں پتوں سے خالی ہوجاتی ہیں؟
- چڑیاں اور پرندے جو سردی میں غائب ہوجاتے ہیں ان کی واپسی ہونے لگتی ہے؟
- گرمی کا موسم آپ کو کیسا لگتا ہے؟
- گرمی کے موسم میں ہم کیا چیز شوق سے کھاتے اور پیتے ہیں؟

پھل اور سبزیاں موسم کے مطابق آتی ہے۔ پھلوں کا بادشاہ آم اسی موسم میں آتا ہے۔ کوئل کی کوک سارے ماحول کو خوب صورت بنادیتی ہے۔
بہار کے موسم کے بارے میں بچّوں کو بتائیے۔
بہار کا موسم نئے پتے، نئے پودے لے کر آتا ہے۔ ہر طرف نئی زندگی، ہریالی اور خوب صورتی چھا جاتی ہے۔ باغات پھولوں سے بھرجاتے ہیں اب پتے نہیں جھڑتے۔ پرندے بھی درختوں میں گھونسلے بنانے لگتے ہیں۔ ہری ہری گھاس زمین پر اگتی ہے اور لگتا ہے قالین بچھ گیا۔
نوٹ: ہم سب کو خدا کا شکر کرنا چاہیے کہ اس نے ہمارے ملک کو دھوپ چھاؤں، رات، دن، چاروں موسموں سے نوازا اور ہم ہر موسم کا مزہ لیتے ہیں۔طرح طرح کی پھل سبزیاں کھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت میں گروہ بنا کر کے دو دو گروپوں سے سردی، گرمی، خزاں، بہار کے متعلق بات کروائیے۔سردی میں ہم کیا پہنتے ہیں کاپی میں بنوائیے۔ گرمی میں ہم کیا کیا پہنتے ہیں کاپی میں بنوائیے۔ ہر موسم کے لحاظ سے کپڑے، سبزیاں، پھل اور پھولوں کے نام بنا کر تصویریں بنوائیے اور ایک مذاکرہ

کروایئے کس بچّے کو کون سا موسم پسند ہے؟ اور کیوں؟

## گھر کا کام

- اپنی امّی یا ابّو کو بتایئے آپ کا سب سے پسندیدہ موسم کون سا ہے؟

## صفحہ ۲۸ — پڑھیے اور پنسل پھیریے (جانچ)

### مقصد

- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا


- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۲۸
- فلیش کارڈز

### تعارف

یہ مشق ''ج'' کے خاندان کی آوازوں کا اعادہ ہے اور چھوٹی اشکال کے ساتھ ''ا'' ملا کر الفاظ بنانے کا آغاز ہے پچھلے صفحات پر چھوٹی اشکال لکھنے کی مشق کروائی گئی ہے۔

### آمادگی

اردو زبان کی تحریر ایک خاص طریقۂ تدریس چاہتی ہے جیسے کہ پہلے ہم نے حُروف تہجّی کو پہچاننے کے لیے ان کے خاندانوں کی تقسیم کا حوالہ دیا تھا اسی کو بنیاد بنا کر اب ان کو اسے جوڑنا سکھائیں گے۔ تو سب سے پہلا خاندان ''ب'' کا آتا ہے تو پہلے بچّوں کو زبانی سکھائیں۔ اس کے لیے ''ج'' کے خاندان (ج چ ح خ) کے فلیش کارڈز اور ا کا فلیش کارڈ اور جا چا حا خا کے فلیش کارڈ کی مدد سے پڑھائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ ''ا'' سے ملنے کے بعد تمام حُروف کی آواز لمبی ہوجائے گی آواز کی مشق کراویئے۔ تو جا کی آواز کی مشق کروایئے اور بار بار کہلوایئے ج ا جا، چ ا چا اور اسی طرح ''خ'' تک جایئے اورصوتیات پر توجہ دیں۔ تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھایئے اور جب لکھیں تو اس دوران باآواز بلند کہیں ۔ پہلے چھوٹی سی ﺟ بنائی اور پھر اس میں ملایا ''ا''۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ منھ سے باآواز بلند ادا کرتے جائیں اورمشق کرتے جائیں۔




### سبق کی تدریس

زبان سے ادا کرنے سے وہ باآسانی درست سمت میں لکھ سکیں گے۔ اوپر بتایا ہوا طریقہ یعنی بول کر لکھنا اس غلطی سے بچالے گا۔ اسی طرح اس خاندان

کے ایک ایک حرف کو لکھنا سکھائیں اور پھر کتاب میں دیے گئے نقطوں پر بھی ہاتھ پھیریں اور یہ گاتے جائیں۔ ''جا'' لکھتے ہیں نیچے سے اوپر۔ اسی طرح ''چا'' سے لفظ بنا کر دکھائے گئے ہیں اور ''حا اور خا'' سے بھی۔ یہ | جا | چا | کو ملا کر لفظ بھی بتائے ہوئے طریقہ پر سکھائیں۔ منہ سے بول کر لکھنا غلطی کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ یہ بھی بتائیے کہ اس رکن کو اگر دوبارہ لکھیں گے تو اک لفظ بن جائے گا۔ جیسے: | چاچا |۔ پھر کتاب میں نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروائیے۔ فلیش کارڈ بنائیے ہر کارڈ پر ایک لفظ لکھا ہوا ہو اور کچھ کارڈز پر صرف جا، چا، حا، خا لکھا ہوا ہو تا کہ بچّوں سے کھیل کھیل میں دو کارڈ اس طرح ملانے کو کہیں جن سے با معنی لفظ بنتا ہو جیسے چاچا | چا | چا |۔

## سر گرمیاں (تجاویز)

- حروفِ تہجّی (ج کا خاندان) اور ''ا'' کا فلیش کارڈ دے کر ارکان سازی کیجیے اور درست آواز نکالیے۔

## گھر کا کام

- ''ج، چ، ح، خ'' کی چھوٹی اشکال کاپی میں لکھوائیے۔

# صفحہ ۲۹ | جاڑا دھوم مچاتا آیا (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُر تال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کر سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۲۹

## آمادگی

نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کاپی میں بھی لکھنے کی مشق کروائیے۔ یہ ایک دل چسپ موضوع ہے اور نظم ہے۔ سردی کے موسم کے حوالے سے معروف اشیا جماعت میں لاکھ رکھیں۔ جیسے سوئیٹر، ٹوپی وغیرہ۔ بچّوں سے سردی کے موسم کے بارے میں بات چیت کیجیے۔

جاڑا دھوم مچایا آیا یعنی جاڑا بہت شور مچاتا کپڑے موزے مفلر کو لاتا ہے۔ موٹے لحاف، کمبل، رضائیاں، سوئیٹر، کوٹ ساتھ لاتا ہے۔ اس کو ہی دھوم مچانا کہا ہے۔ جاڑا شور وغل اور سازو سامان کے ساتھ آتا ہے اور سب کو موٹے اور گرم کپڑے پہناتا ہے اگر نہیں پہنتے تو بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں اسی لیے یہ سب کو گرم کپڑے پہنوادیتا۔ پھر ہوا اتنی ٹھنڈی اور تیز چلتی ہے کہ سب سردی سے کانپتے ہیں کانپنا کسے کہتے ہیں پہلے آپ کرکے دکھائیے پھر کوئی بچّہ کرکے دکھائے۔ استاد مدد کریں۔ سردی سے کانپنے کو تھر تھر کہتے ہیں۔

سردیوں میں راتیں لمبی اور دن چھوٹے ہیں سورج دیر سے نکلتا ہے اور جلدی چھپ جاتا۔ شاید وہ بھی اسلیے جلدی چھپ جاتا ہے کہ سورج کے جلدی جانے کے بعد سب کو سردی لگتی ہے تو اس کو بھی لگتی ہوگی۔ یہ ایک مذاق کی بات ہے۔ جب سردی لگتی ہے تو سب ہا ہا ہو ہو ہی ہی کی آوازیں نکالتے ہیں۔ ہائے رے سردی ہائے رے سردی۔

سوال پوچھیے

- جاڑا کس حرف سے آتا ہے؟
- دھوم کس حرف سے آتا ہے؟
- کیا سورج کو اصل میں سردی لگتی ہے؟
- سردی میں انسان کیسی کیسی آوازیں نکالتا ہے؟

بچّوں سے پوچھیے سردی کے موسم میں انھیں کیا کرنا اچّھا لگتا ہے؟ کیا کھانا، کیا پہننا اچّھا لگتا ہے۔ سب بچّوں کو جواب دینے کا موقع دیجیے۔

## سبق کی تدریس

نظم کی بلند خوانی دل چسپ طریقے سے کیجیے۔ ترنّم، چہرے کے تاثرات اور ہاتھوں کی حرکات کی مدد سے نظم پڑھیے پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ انفرادی اور اجتماعی بلند خوانی کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- نظم کا رول پلے کروائیے۔
- سردی میں استعمال ہونے والی چیزوں کی جماعت میں نمائش لگائیے۔

## گھر کا کام

- گھر سے نظم پڑھ کر آئیے۔

## صفحہ ۳۰ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''د''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۰
- حرف ''د'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''د'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## تعارف

اب ہم ”د“ کا خاندان شروع کرتے ہیں۔ یہ چار دوست ہیں د ڈ ذ ’د‘ بے چارہ خالی۔ ڈ پر ط اور ذ پر ایک نقطہ۔ اس کو ذہن نشین کروائیے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”د“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”د“ ہے۔ آج سے ہم ”د“ کا خاندان پڑھنا شروع کریں گے۔ بچّوں کو ”د“ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جماعت میں موجود کچھ ایسی چیزوں کی نشان دہی کیجیے جن کے نام ”د“ سے شروع ہوتے ہوں۔مثلاً : دروازہ۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ”د“ کو لال نقطے سے شروع کر کے لکھائی کا آغاز کروایئے اور ”د“ کی آواز سے الفاظ پڑھنے سکھایئے۔ ”د“ سے شروع ہونے والے الفاظ پوچھیے ۔ جیسے دروازہ، دور، دال، دم، دن، دس وغیرہ۔ کاپی میں لال نقطے سے لکھنا سکھایئے۔ ”د“ سے شروع ہونے والے الفاظ اجتماعی طور پر کہلوایئے۔ درخت، دروازہ، دور، دال، دام، داغ، دیر، دل وغیرہ۔ اساتذہ ان الفاظ کو تختۂ تحریر پر لکھتے جائیں اور پھر کئی دفعہ اجتماعی بلندخوانی کی مدد سے یاد کروایئے۔لفظوں کی شناخت کے لیے فلیش کارڈز بنوایئے اور خود ہی برش اور پینٹ سے بڑے الفاظ کارڈ پر لکھیں۔ کارڈ اٹھائیں اور جماعت کو دکھائیں۔ بچّے کا نام لیجیے اور پوچھیے یہ کون سا لفظ ہے اس طرح ساری جماعت کو دکھایئے۔ بچے کا نام لیجیے اور پوچھیے یہ کون سا لفظ ہے۔ اس طرح ساری جماعت کو باری دیں۔مشق یقیناً کامیاب رہے گی۔
کاپی میں لکھوایئے اور ”د“ سے شروع ہونے والے چند حروف کی تصاویر بنوایئے اور لفظ لکھنے میں مدد کریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروایئے۔

## گھر کا کام

- گھر سے ”د“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ”د“ سے شروع ہوتی ہیں۔

# صفحہ ۳۱

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ڈ“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۳۱
- حرف ”ڈ“ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ”ڈ“ سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”ڈ“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”ڈ“ ہے۔ آج ہم ”ڈ“ پڑھیں گے۔ بچّوں کو ”ڈ“ سے شروع ہونے والی چیزیں لاکر دکھائیے جیسے ڈبّا، ڈنڈا، ڈبل روٹی وغیرہ۔ ”ڈ“ کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلواکر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔ تصویروں کے نام پوچھیے۔ نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ”ڈ“ کو لال نقطے سے شروع کر کے لکھائی کا آغاز کروائیے اور ”ڈ“ کی آواز سے الفاظ پڑھنے سکھائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- لفظوں کی شناخت کے لیے فلیش کارڈز بنائیے۔ کارڈ اٹھائیں اور جماعت کو دکھائیں۔ بچّے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے اس طرح ساری جماعت کو دکھائیں بچے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے۔ اس طرح ساری جماعت کو باری دیں۔ مشق یقیناً کامیاب رہے گی۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ”ڈ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ”ڈ“ سے شروع ہوتی ہیں۔

# صفحہ ۳۲

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ذ''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۲
- حرف ''ذ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ذ'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ذ'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ذ'' ہے۔ آج ''ذ'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو ''ذ'' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کوصفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ''ذ'' کی آواز سے لفظ پڑھنا سکھائیے۔ ''ذ'' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائیے۔ جیسے: ذرّہ، ذخیرہ۔ بچّوں کو بتائیے کہ ''ذ'' سے زیادہ الفاظ شروع نہیں ہوتے لیکن کچھ الفاظ کے بیچ میں اور آخر میں آتا ہے۔ جیسے کاغذ، اذان وغیرہ۔ بچّوں سے پوچھیے ان الفاظ میں ''ذ'' کی آواز کہاں آتی ہے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف ''ذ'' اور اس سے متعلق تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ''ذ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ایسی ہیں جن کے نام میں ''ذ'' کی آواز آتی ہے۔

صفحہ ۳۳

## تصویر دیکھ کر حرف مکمل کیجیے

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتا سکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔
- حُروف کی بے ترتیب/ باترتیب نقل و نویسی کرسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۳
- تختۂ تحریر

### آمادگی

''ب''، ''ج'' اور ''د'' کے خاندان کا اعادہ کروائیں۔ تختۂ تحریر پر پہلے تمام حروف تہجّی (ب، ج اور د کے خاندان) لکھیں۔ پڑھوائیں۔ ایک سے دو دفعہ پڑھوا کر پھر مٹادیں۔ اب یہی حروف بغیر کسی نقطوں اور ط کی علامت کے لکھیں۔ بچّوں سے پوچھ کر حروف کو مکمل کروائیے۔ ان سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔

### سبق کی تدریس

صفحہ کھلوا کر بچّوں کو دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّے دیکھ کر آسانی سے سمجھ جائیں گے کہ ان کو کیا کرنا ہے؟ پہلے زبانی طور پر حروف کو مکمل کروائیں پھر کتاب میں نقطے اور ط کی علامت لگوایئے۔ اس کے بعد حروف کو درست تصویر سے ملوایئے۔ یہ کام بچّوں کو خود کرنے دیں۔ اچّھا کام کرنے پر بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ب''، ''ج'' اور ''د'' کے خاندان پڑھوایئے اور کاپی میں لکھوایئے۔

### گھر کا کام

- ''د''، ''ڈ''، ''ذ'' کاپی میں لکھوایئے۔

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ر''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۴
- حرف ''ر'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ر'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ر'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ر'' ہے۔ آج سے ہم ''ر'' کا خاندان پڑھنا شروع کریں گے۔ بچّوں کو ''ر'' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ کچھ الفاظ بچّوں سے پوچھیے۔ ''ر'' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔لفظوں کی شناخت کے لیے فلیش کارڈز بنوائیے اور خود ہی برش اور پینٹ سے بڑے الفاظ کارڈ پر لکھیں۔ کارڈ اٹھائیں اور جماعت کو دکھائیں۔ بچّے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے اس طرح ساری جماعت کو دکھائیں بچے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے۔ اس طرح ساری جماعت کو باری دیں۔مشق یقیناً کامیاب رہے گی۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ''ر'' کو لال نقطے سے شروع کر کے لکھائی کا آغاز کروائیے ۔
کاپی میں لکھوائیے اور ''ر'' سے شروع ہونے والے چند حروف کی تصاویر بنوائیے اور لفظ لکھنے میں مدد کریں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- حرف ''ر'' کے فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور اس سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھا کر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر سے ''ر'' لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ''ر'' سے شروع ہوتی ہیں۔ دوسرے دن جماعت میں بتائیے۔

# صفحہ ۳۵

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ڑ''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۵
- حرف ''ڑ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ڑ'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ڑ'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ڑ'' ہے۔ آج ہم ''ڑ'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو بتائیے کہ ''ڑ'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا لیکن یہ الفاظ کے بیچ میں اور آخر میں آتا ہے۔ جیسے : گڑیا، پہاڑ، آڑو وغیرہ۔ ان الفاظ کی تصاویر تختۂ تحریر پر لگائیے اور آواز کا اعادہ کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ''ڑ'' کو لال نقطے سے شروع کر کے لکھائی کا آغاز کروائیے اور ''ڑ'' کی آواز سے الفاظ پڑھنے سکھائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- حرف ''ڑ'' کے الفاظ کے فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ''ڑ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ایسی ہیں جن میں ''ڑ'' کی آواز آتی ہو۔ دوسرے دن جماعت میں بتائیے۔

# صفحہ ۳۶

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ز“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۳۶
- حرف ”ز“ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ”ز“ سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”ز“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتایئے، یہ ”ز“ ہے۔ آج ہم ”ز“ پڑھیں گے اور لکھیں گے۔ بچّوں کو ”ز“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔مثلاً: زیبرا، زیور، زرافہ وغیرہ۔ ”ز“ کی آواز کا اعادہ کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھِروایئے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔ ”ز“ کو لال نقطے سے شروع کر کے لکھائی کا آغاز کروایئے۔ دیے گئے الفاظ پڑھوایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ز“ کے الفاظ کے فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور ”ز“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروایئے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ”ز“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزوں کے نام میں ”ز“ کی آواز آتی ہے۔

# صفحہ ۳۷

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ژ''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۳۷
- حرف ''ژ'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- ''ژ'' سے شروع ہونے والی اشیا/ تصاویر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ژ'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ژ'' ہے۔ آج ہم ''ژ'' کی پڑھائی اور لکھائی کریں گے۔ بچّوں کو بتائیے کہ ''ژ'' سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا لیکن کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کے بیچ میں ''ژ'' کی آواز آتی ہے جیسے ٹیلی ویژن، ژالہ باری اور اژدھا۔ ان الفاظ کی تصاویر دکھائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کھلوا کر بچّوں کو صفحہ دیکھنے دیجیے۔تصویروں کے نام پوچھیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ دھیان رہے کہ بچّے درست آغاز کے مقام سے شروع کریں اور دائیں سے بائیں کی سمت میں لکھیں۔

کاپی میں لکھوائیے اور ''ژ'' سے شروع ہونے والے چند حروف کی تصاویر بنوائیے اور لفظ لکھنے میں مدد کریں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ژ'' کے فلیش کارڈز اور تصاویر کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ''ژ'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

صفحہ ۳۸

# دو چوزے (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُرتال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- نیز بچّوں کی مشہور کہانیاں پڑھتے ہوئے پیشن گوئی کرسکیں کہ کہانی میں آگے کیا ہوگا؟
- کہانی کے کرداروں کی نشان دہی کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۳۸
- پیلے رنگ کا کاغذ اور آئس کریم اسٹک (پتلیاں بنانے کے لیے)

## تعارف

بچّوں کو آج ایک نظم پڑھائی جائے گی جس کا نام ہے ”دو چوزے“۔ اس کے لیے کاغذ اور آئس کریم اسٹک کی مدد سے دو چوزے (پتلیاں بنایئے)۔

## آمادگی

بچّوں کو دونوں (پتلیاں) چوزے دکھایئے۔ بچّوں سے ان کا تعارف کروایئے۔ ایک کا نام چُنا اور ایک کا نام مُنا ہے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ ان کو چُنا مُنا کیسے لگے۔ بچّے بہت پُرجوش ہوجائیں گے چوزوں کی پتلیاں دیکھ کر۔ بچّوں سے چوزوں کے بارے میں بات کیجیے ان سے پوچھیے کس کس کے گھر میں چوزے ہیں؟ آپ میں سے کس کس نے اصلی چوزوں کو دیکھا ہے؟ چوزوں کی امّی کون ہوتی ہیں؟ ان سب سوالات کے جوابات لیجیے۔ اب بچّوں کو بتایئے کہ آج ہم ایک نظم پڑھیں گے جو چُنا اور مُنا کے بارے میں ہے۔

## سبق کی تدریس

نظم کی بلند خوانی بھرپور تاثرات، ہاتھوں کی حرکات اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کیجیے۔ ایک سے دو دفعہ آپ پڑھیے پھر بچّوں کو اپنے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیے۔ دو تین دفعہ بلند خوانی کروانے کے بعد پھر بچّوں سے نظم کے بارے میں پوچھیے۔ بچّے خلاصے کی طرح پوری نظم میں کیا ہوا بتائیں گے۔ چھوٹے چھوٹے سوالات کر کے بھی آموزش کا جائزہ لیا جاسکتا ہے جیسے کہ

(i) کتنے چوزے تھے؟

(ii) ان کے کیا کیا نام تھے؟

(iii) ان دونوں نے کیا کیا؟

(iv) دانہ چگنے کہاں گئے؟

(v) زور سے پکڑ کر کھینچا تو کیا نکلا؟

(vi) چنّا کس پر لپکا؟

(vii) موٹا تازہ کون نکلا؟
(viii) منّا نے کیا دیکھا؟
(ix) کون آگے اور کون پیچھے؟
(x) منّے نے چنّے کو کیوں بلایا؟
(xi) دونوں کیوں بھاگے؟

## سرگرمیاں (تجاویز)

- نظم کا رول پلے کروائیے۔ ایک بچّے کو چُنّا بنائیے، ایک بچّے کو مُنا بنائیے۔

## گھر کا کام

- نظم ''دو چوزے'' پڑھ کر آئیں۔

## صفحہ ۴۰-۳۹ | پیاسا کوّا

## مقاصد

- نظمیں، گیت اور کہانیاں توجہ سے سنتے ہوئے لطف اندوز ہوسکیں۔(سر ہلانا، جھومنا، حرکات وسکنات چہرے کے تاثرات وغیرہ)
- سادہ اورموزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔
- تصاویر اور عام تکراری لفظوں (Common Repeated words) کے ذریعے سادہ کہانیاں مناسب رفتار و تاثرات کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- نیز بچّوں کی مشہور کہانیاں پڑھتے ہوئے پیشن گوئی کرسکیں کہ کہانی میں آگے کیا ہوگا؟
- کہانی سن/پڑھ کر اسے اپنی حقیقی زندگی کے تجربات سے منسلک کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۰-۳۹
- کوّے کی پُتلی (کاغذ اور آئسکریم اسٹک سے بنی ہوئی)، رنگین پنسلیں

## تعارف

آج ہم بچّوں کو کوّے کی روایتی کہانی سنائیں گے کہانی سنانے کے لیے کوّے کی پُتلی کاغذ اور آئس کریم اسٹک کی مدد سے بنالیں۔ یہ ایک بہت مشہور اور پرانی کہانی ہے جس میں کوّے کی عقلمندی دکھائی ہے کہ وہ اپنی پیاس بجھانے کے لیے کیا ترکیب کرتا ہے۔ بچّوں کو دائرے میں بٹھالیں۔

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کس کس نے کوّا دیکھا ہے؟ امّید ہے پوری جماعت آواز لگائے گی، میں نے! میں نے! دوسرا سوال کریں کوّا کیسے بولتا ہے، سب بچّے کائیں کائیں کرنے لگیں گے۔ یہ سوالات بچّوں میں جوش بھرنے کے لیے ہیں۔ اب ان سے پوچھیں جب انھیں پیاس لگتی ہے تو وہ کیا کرتے ہیں؟ امّید ہے جواب

ملے گا کہ پانی پیتے ہیں۔ اب پوچھیے اگر پیاس لگی ہو مگر پانی نہ ہو تو کیا کریں گے؟ اب سب بچّوں سے جواب لیں۔ یہ بھی امّید ہے سب بچّے مختلف جوابات دیں گے۔سب کے جوابات لینے کے بعد اب انھیں بتائیں کہ آج ہم ایک کوّے کی کہانی پڑھیں گے۔ اس موقعے پر کوّے کی پتلی نکال کر دکھائیں۔

## سبق کی تدریس

اساتذہ بچوں سے تصویر دیکھ کر اندازہ لگوائیں کہ یہ کہانی کیا بتا رہی ہے۔ جہاں جہاں ضرورت ہو مدد بھی کرتے جایئے۔ کوّا شدید گرمی میں پیاسا تھا۔ مٹّی کے گھڑے میں پانی ملا لیکن کم تھا۔ وہ حیران پریشان تھا کہ کیا کرے کہ پانی مل جائے آخری تصویر میں اس نے پانی میں کیا لا کر ڈالا کہ پانی اوپر آ گیا اور کوّے نے پی لیا اس کی عقل کو بھی شاباش ہے۔ اب اساتذہ انفرادی طور پر بچوں سے پوچھیے کہ پانی میں کوّے نے کیا لا کر ڈالا جو پانی کی اوپر آ گیا اور اس نے پانی پیا۔ دیکھیے بچّے کیا کیا جواب دیتے ہیں۔ دیکھیں کسی بچّے نے کنکریوں یا چھوٹے چھوٹے پتھروں کا ذکر بھی کیا ہے یا نہیں۔ بچّوں کو مکمل تاثرات اور آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کہانی سنایئے۔ بچّوں کا تبصرہ سنیے۔ چھوٹے چھوٹے سوالات کیجیے۔

(i) کوّا کہاں ہے اور کیوں پریشان ہے؟
(ii) مٹکے میں کتنا پانی تھا؟
(iii) کوّے نے کیا سوچا؟
(iv) پھر اس سے کیا طریقہ کیا؟
(v) کوّے کو پانی ملا یا نہیں؟

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو چار گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو تصویری خاکے دے کر ان میں رنگ بھروایئے۔ دو گروہوں کو کوّے کی تصویر کا خاکہ دیجیے۔ دو گروہوں کو مٹکے کا خاکہ دیں۔ بعد میں ان کو جماعت میں آویزاں کریں؛

## گھر کا کام

- کوّے کی کہانی امّی/ ابّو/ دادا/ دادی یا گھر میں کسی بھی بڑے کو سنایئے۔

## صفحہ ۴۱ | تلاش کیجیے اور لکھیے ”د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ“

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتا سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۴۱
- الفاظ کے فلیش کارڈز
- تصاویر

## آمادگی

اس سبق میں دو خاندانوں یعنی "د، ڈ، ذ" اور "ر، ڑ، ز، ژ" کے الفاظ کا اعادہ ہے۔ "د، ڈ، ذ" اور "ر، ڑ، ز، ژ" کی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔ ان حروفِ تہجّی سے شروع ہونے والے الفاظ اور اشیا کے نام دہرائیے۔ فلیش کارڈز یا تصاویر تختۂ تحریر پر آویزاں کر کے پڑھوائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر بچّوں سے کہیے کہ اس صفحے پر ان کو کیا کرنا ہے، غور سے دیکھیں اور بتائیں۔ امّید ہے کچھ بچّے بتا سکیں کچھ نہیں۔ آپ ان کو اس صفحہ کا کام یعنی حروف کی مدد سے الفاظ کو مکمل کرنا بتائیے۔ کسی لفظ کا شروع کا حرف لکھنا ہوگا اور کسی کا آخری۔ بچّوں سے کہیں کہ پہلے تصویر میں دی گئی چیز کا نام لیں اور پھر دیکھیں کہ شروع کی آواز کیا ہے؟ ایک دو دفعہ لفظ دہرائیں اور پتہ چلائیں کے آخر کی آواز کیا ہے؟ پہلے یہ کام زبانی طور پر کروائیے۔ گروہی شکل میں یہ کام کروایا جاسکتا ہے۔ جوڑی کی صورت میں کام دل چسپی اور ہم آہنگی سے ہوگا۔ جماعت کے مطابق آپ کوئی بھی طریقہ اختیار کرسکتے ہیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- "د، ڈ، ذ" اور "ر، ڑ، ز، ژ" کے الفاظ کے فلیش کارڈ دیں اور تصاویر بھی بچّے ان میں سے ہر ایک کو درست تصویر اور حرف سے ملائیں۔

## گھر کا کام

- "د" سے لے کر "ژ" تک حروفِ تہجّی کاپی میں لکھوائیے۔

## صفحہ ۴۲ — پڑھیے اور پنسل پھیریے "س"

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۴۲
- حرف "س" کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر، فلیش کارڈز

### تعارف

اب باری ہے "س" اور "ش" کی۔کیونکہ اس خاندان کے دونوں حروف ایک ہی جیسی شکل رکھتے ہیں سوائے نقطوں کی تعداد کے اس لیے ان کو ایک ہی طریقے سے پڑھایا جاسکتا ہے۔ ہر صفحہ الگ دن پڑھایا جائے اور مکمل آمادگی اور سرگرمیوں کے ساتھ مکمل کروایا جائے۔

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ''س'' لکھیے یا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا ہے؟ ''س'' کی شکل اور آواز کا اعادہ کروائیے۔ بچّوں سے پوچھیے ''س'' سے کن کن چیزوں کے نام آتے ہیں؟ کچھ نام بچّوں سے پوچھ کر لکھیے اور کچھ آپ خود بتائیے۔ ''س'' کی آواز کی مشق اچّھی طرح کروائیے۔ ''س'' کی لکھائی کے لیے شوشوں پر خصوصی توجہ دلائیے۔ تختۂ تحریر پر صرف شوشے بنوانے کی مشق بھی کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے تصاویر دیکھنے کے لیے کہیے۔ تصاویر کے نام پوچھیے۔ لکھنے کا کام کروائیے۔ تیر کے نشان کی سمت میں لکھیں۔ سمت کا خاص خیال رکھیں۔ بچّے لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور لائن پوری کر کے شوشوں کی مشق کریں۔ اس کے بعد ''س'' کی پوری شکل کی لکھائی بھی لال نقطے اور ← سے شروع ہو گی۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ''س'' سے شروع ہونے والے الفاظ اور تصاویر کے بہت سے فلیش کارڈ جن میں کتاب کے صفحہ ۴۲ پر دی گئی تصاویر اور ان کے نام بھی شامل ہیں بنائیے۔ گروہ میں کام کرتے ہوئے بچّوں سے کہیے کہ ان میں سے ''س'' سے شروع ہونے والی چیزوں کے فلیش کارڈز علیحدہ کریں۔ کتاب میں دی گئی تصاویر اور نام والے کارڈ بھی علیحدہ کریں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں سورج بنائیے اور رنگ بھریے۔
- کاپی میں ''س'' لکھنے کے لیے دیجیے۔

## صفحہ ۴۳ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ش''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۳
- حرف ''ش'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ش'' لکھیں یا کٹ آؤٹ لگائیں۔ ''ش'' کی شکل اور آواز کا اعادہ کروائیں۔ ''ش'' سے شروع ہونے والی چیزیں یا ان کی تصاویر بچّوں کو دکھاکر ان کے نام پوچھیے۔ ''ش'' کی آواز پر خاص توجہ دلائیے۔ بچّوں سے کہیے شروع کی آواز نکال کر دکھائیں۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔ تختۂ تحریر پر شوشے بنوانے کی مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۴۳ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو دیکھنے کا موقع دیجیے۔ ان سے پوچھیے یہاں کون سا حرف لکھا ہے۔ تصاویر کے بارے میں بھی پوچھیے۔ ان کے نام بھی پڑھوائیے۔ کئی دفعہ مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بہت سارے فلیش کارڈز میں سے ''ش' کا فلیش کارڈ تلاش کروائیے۔ ''ش'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر جو کتاب میں دی گئی ہیں ڈھونڈنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ش'' لکھنے کو دیجیے۔
- ''ش'' سے شروع ہونے والے کوئی دو الفاظ کتاب سے دیکھ کر لکھ کر لائیے۔

## صفحہ ۴۴ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ص''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں ۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں ۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کرکے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۴
- حرف ''ص'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## تعارف

بچّوں کو نئی جوڑی ''ص، ض'' سے متعارف کروایا جائے گا۔ دیکھنے اور لکھنے میں دونوں حروف ایک جیسے ہیں صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

## آمادگی

''ص'' کی شکل اور آواز کا اعادہ کروایئے۔ ''ص'' کی آواز ''س'' سے ملتی جلتی ہے اس لیے توجہ سے سکھائیں۔ ''ص'' سے شروع ہونے والے الفاظ صوفہ، صابن کو اچھّی طرح پڑھائیں اور ''ص'' کی آواز پر توجہ رکھیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ پہلے بچّوں کو تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔ حرف پڑھوایئے۔ تصاویر کے نام پڑھنے کے لیے کہیے اگر ان کو ابہام ہو تو آپ پڑھ کر بتایئے پھر ان سے دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔ نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ درست سمت کا خیال رکھیے۔ تیر کے نشان کی مدد سے پنسل گھما کر لکھنے پر توجہ دلوایئے۔ بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ تیزی سے پنسل نہ چلائیں آہستہ آہستہ لکھیں تا کہ گولائی ٹھیک بن سکے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ص'' سے صابن ''ص'' سے صفائی ذہن نشین کروایئے۔ اسکول میں ہاتھ دھونے کی جگہ پر لے جاکر ہاتھ دھونے کی سرگرمی کروایئے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ص'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- کتاب سے دیکھ کر ''ص'' سے شروع ہونے والے الفاظ لکھیے۔

## صفحہ ۴۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ض''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۵
- حرف ''ض'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### آمادگی

''ض'' کی شکل اور آواز کا اعادہ کروایئے۔ ''ض'' کی آواز ''ظ'' سے ملتی جلتی ہے اس لیے توجہ سے سکھائیں۔ ''ض'' سے شروع ہونے والے لفظ ''ضعیف'' کو اچھّی طرح پڑھائیں۔ بچّوں کو بتایئے ضعیف کون ہوتا ہے اورضعیف لوگوں سے کس طرح خوش اخلاقی، ادب اور احترام کے ساتھ پیش

آنا چاہیے۔ ''ض'' کی آواز پر توجہ رکھیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔ حرف پڑھوائیے۔ تصاویر کے نام پڑھنے کے لیے کہیے اگر ان کو ابہام ہو تو آپ پڑھ کر بتائیے پھر ان سے دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھّی طرح مشق کروائیے۔ نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ درست سمت کا خیال رکھیے۔ تیر کے نشان کی مدد سے پنسل گھما کر لکھنے پر توجہ دلوائیے۔ بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ تیزی سے پنسل نہ چلائیں آہستہ آہستہ لکھیں تا کہ گولائی ٹھیک بن سکے۔

## سر گرمیاں (تجاویز)

- ''ض'' سے ضعیف ذہن نشین کروائیے۔ جماعت میں کسی بچّے کو ''ضعیف'' بنا کر رول پلے کروائیے کہ گھر میں کسی بھی ضعیف شخصیت کے ساتھ کس طرح ادب و احترام سے پیش آتے ہیں۔ اچّھی طرح تیاری کروا کر رول پلے جماعت میں پیش کریں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ض'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- کتاب سے دیکھ کر ''ض'' سے شروع ہونے والے الفاظ لکھیے۔

## صفحہ ۴۶ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ''س، ش، ص آدھی اشکال''

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔ مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کر سکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۶
- فلش کارڈز


## تعارف

یہ مشق ''س''، ''ش'' اور ''ص'' کی آوازوں کا اعادہ ہے اور چھوٹی اشکال کے ساتھ ''ا'' ملا کر الفاظ بنانے کا آغاز ہے پچھلے صفحات پر چھوٹی اشکال لکھنے کی مشق کروائی گئی ہے۔

## آمادگی

اردو زبان کی تحریر ایک خاص طریقۂ تدریس چاہتی ہے جیسے کہ پہلے ہم نے حُروف تہجّی کو پہچاننے کے لیے ان کے خاندانوں کی تقسیم کا حوالہ دیا تھا اسی کو بنیاد بن اکر اب ان کو ''ا'' سے جوڑنا سکھائیں گے۔ تو سب سے پہلا خاندان ''ب'' کا آتا ہے تو ''ب'' اور ''ج'' کے خاندان کا ''ا'' کے ساتھ ملا کر

آوازوں کا اعادہ کروائیں۔ پھر س ش ص ض کے فلیش کارڈز اور ا کا فلیش کارڈ اور سا شا صا ضا کے فلیش کارڈ کی مدد سے پڑھائیں۔ بچّوں کو بتائیں کہ ''ا'' سے ملنے کے بعد تمام حُروف کی آواز لمبی ہوجائے گی آواز کی مشق کراویئے۔ سا کی آواز کی مشق کروائیے اور بار بار کہلوائیے س ا سا، ش ا شا اور اسی طرح ''ض'' تک جائیے اور صوتیات پر توجہ دیں۔ تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھائیے اور جب لکھیں تو اس دوران باآواز بلند کہیں۔ پہلے چھوٹی سی س بنائی اور پھر اس میں ملایا ''ا''۔ بچّوں سے کہیے کہ وہ منہ سے باآواز بلند ادا کرتے جائیں اور مشق کرتے جائیں۔



## سبق کی تدریس

زبان سے ادا کرنے سے وہ باآسانی درست سمت میں لکھ سکیں گے۔ اوپر بتایا ہوا طریقہ یعنی بول کر لکھنا اس غلطی سے بچالے گا۔ اسی طرح اس خاندان کے ایک ایک حرف کو لکھنا سکھائیں اور پھر کتاب میں دیے گئے نقطوں پر بھی ہاتھ پھیریں اور یہ گاتے جائیں۔ ''سا'' لکھتے ہیں نیچے سے اوپر۔

اسی طرح ''صا'' سے لفظ بنا کر دکھائے گئے ہیں اور ''سا اور شا'' سے بھی۔ سا شا کو ملا کر لفظ بھی بتائے ہوئے طریقہ پر سکھائیں۔ منہ سے بول کر لکھنا غلطی کے امکانات کو کم کرتا ہے۔ یہ بھی بتائیے کہ اس رکن کو اگر دوبارہ لکھیں گے تو اک لفظ بن جائے گا۔ جیسے: ساسا۔ پھر کتاب میں نقطوں میں لکھے ہوئے الفاظ پر پنسل پھروائیے۔ فلیش کارڈ بنائیے ہر کارڈ پر ایک لفظ لکھا ہوا ہو اور کچھ کارڈز پر صرف سا، شا، صا، ضا لکھا ہوا ہو تاکہ بچّوں سے کھیل کھیل میں دو کارڈ اس طرح ملانے کو کہیں جن سے کوئی لفظ بنتا ہو جیسے ساشا سا شا۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- حروفِ تہجّی اور ''ا'' کے فلیش کارڈز دے کر ارکان سازی کروائیے اور درست آواز نکلوائیے۔

## گھر کا کام

- ''س، ش، ص، ض'' کی چھوٹی اشکال کاپی میں لکھوائیے۔

# صفحہ ۴۷ پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ط''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز /ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۷
- حرف ''ط'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## تعارف

بچّوں کو نئی جوڑی ''ط، ظ'' سے متعارف کروایا جائے گا۔ دیکھنے اور لکھنے میں دونوں حروف ایک جیسے ہیں صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

## آمادگی

''ط'' کی شکل اور آواز کا اعادہ کروایئے۔ ''ط'' کی آواز ''ت'' سے ملتی جلتی ہے اس لیے توجہ سے سکھائیں۔ ''ط'' سے شروع ہونے والے الفاظ طباق، طیّارہ کو اچھی طرح پڑھائیں اور ''ط'' کی آواز پر توجہ رکھیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ پہلے بچّوں کو تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔حرف پڑھوایئے۔ تصاویر کے نام پڑھنے کے لیے کہیے اگر ان کو ابہام ہو تو آپ پڑھ کر بتایئے پھر ان سے دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروایئے۔نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ درست سمت کا خیال رکھیے۔ تیر کے نشان کی مدد سے پنسل گھما کر لکھنے پر توجہ دلوایئے۔ بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ تیزی سے پنسل نہ چلائیں آہستہ آہستہ لکھیں تاکہ ''ط'' کی گولائی ٹھیک بن سکے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ''ط'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر اور ان کے نام کے فلیش کارڈ دکھا کر ''ط'' کی آواز کی پہچان کروایئے۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ''ط'' لکھنے کے لیے دیجیے۔
- کتاب سے دیکھ کر ''ط'' سے شروع ہونے والے الفاظ لکھیے۔

# صفحہ ۴۸ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ظ“

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۴۸
- حرف ”ظ“ کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

”ظ“ کی شکل اور آواز کا اعادہ کروائیے۔ ”ظ“ کی آواز ”ض“ سے ملتی جلتی ہے اس لیے توجہ سے سکھائیں۔ ”ظ“ سے شروع ہونے والے لفظ ظروف کو اچھی طرح پڑھائیں اور ”ظ“ کی آواز پر توجہ رکھیں۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ پہلے بچّوں کو تصاویر دیکھنے کا موقع دیجیے۔حرف پڑھوائیے۔ تصاویر کے نام پڑھنے کے لیے کہیے اگر ان کو ابہام ہو تو آپ پڑھ کر بتائیے پھر ان سے دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ درست سمت کا خیال رکھیے۔ تیر کے نشان کی مدد سے پنسل گھما کر لکھنے پر توجہ دلوائیے۔ بچّوں کو ہدایت دیجیے کہ تیزی سے پنسل نہ چلائیں آہستہ آہستہ لکھیں تاکہ گولائی ٹھیک بن سکے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ظ“ سے ظروف ذہن نشین کروائیے۔ظروف کی تصاویر دکھائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ ظروف کا مطلب ہوتا ہے برتن۔ ہر بچّے سے گھر کے عام استعمال میں آنے والے کسی ایک برتن کا نام پوچھیے۔ پہلی مثال آپ خود بتائیں۔

## گھر کا کام

- کاپی میں ”ظ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔
- اپنے گھر کے باورچی خانے میں سے کسی بھی ایک برتن کی تصویر بنائیے۔

## صفحہ ۴۹ سبزیاں اور پھل (نظم)

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- بلند آواز سے سنائی گئی کہانیوں اور نظموں سے متعلق بنیادی سوال و جواب کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۴۹
- سبزی اور پھلوں کی تصاویر
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

تختۂ تحریر پر چند پھلوں اور سبزیوں کی تصاویر لگائیں۔ بچّوں کو بتائیے کہ سبزیوں اور پھلوں کے بارے میں یہ ایک دل چسپ نظم ہے۔ بچّوں سے کہیے کہ اپنی پسند کے پھل اور سبزی کا نام بتائیے۔سب بچّوں سے جوابات لیجیے۔ بچّوں کو بتائیں کہ سبزیاں اور پھل ہماری اچّھی صحت کے لیے بہت ضرُوری ہیں۔ اس لیے ان کو کھانا بھی ضروری ہے۔

استاد بچوں سے کچھ اور سبزیوں اور پھلوں کے نام پوچھیں جو انھیں پتا ہوں۔ بچّے نام بتائیں، اساتذہ تختۂ تحریر پر لکھتے جائیں اور ان کو پڑھوائیں۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے اور بچّوں کو دیکھنے کے لیے کہیے۔ جب وہ دیکھ لیں تو ان سے پوچھیے کہ صفحے پر کون کون سی سبزیوں اور پھلوں کی تصویریں بنی ہیں؟ بچّوں سے جوابات لیجیے۔

نظم کی بلندخوانی کیجیے۔ آپ کا انداز دل چسپ ہونا چاہیے آواز کے اتار چڑھاؤ، ہاتھوں کی حرکات اور چہرے کے تاثرات کو بروئے کار لایئے۔ پہلے خود پڑھیے پھر بچّوں کو اپنے ساتھ پڑھوایئے۔ اچّھی طرح مشق کروائیں۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- کاغذ پر مختلف پھلوں اورسبزیوں کی (جن کی تصاویر کتاب میں ہیں) کے خاکے بنا کر بچّوں سے رنگ بھروایئے۔ بعد میں ان کو جماعت میں آویزاں کروایئے۔

### گھر کا کام

- اپنی پسند کے پھل یا سبزی کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

# صفحہ ۵۰

# گنتی ۱۰-۶

## مقصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۰
- گنتی کرنے کے لیے اشیا
- عددی اور لفظ گنتی کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## تعارف

بچوں نے ۱ سے لے کر ۵ تک گنتی سیکھ لی۔ لکھنے کی مشق بھی کرلی ہے۔ اب وہ اس صفحے پر ۱۰۔ ۶ تک سیکھیں گے۔

## آمادگی

بچّے ۱ سے ۵ تک گنتی پڑھ چکے ہیں۔ اس کا اعادہ کروائیے۔ بچّوں سے کہیے کہ اپنے ہاتھ کی انگلیاں گنیں۔ پھر تختۂ تحریر پر تصاویر بنا کر گننے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کرواکر اب ان کو بتائیے کہ ہم آگے بڑھیں گے اور ۶ سے ۱۰ تک گنتی پڑھیں گے۔ تختۂ تحریر پر عددی گنتی لکھ کر گنتی پڑھوائیے۔ اب گنتی کے ساتھ تصاویر بنوائیے اور ان کو گنوائیے۔ پہلے آپ پڑھیں پھر بچّوں سے پڑھوائیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلواکر بچّوں سے پوچھیے یہاں کیا کام کرنا ہے۔ بچّے بتاسکیں گے کہ گنتی پڑھنی ہے۔ کتاب میں دی گئی تصویروں کی گنتی کروائیے۔ عددی اور لفظ گنتی پڑھوائیے۔ بار بار یہ مشق کروائیے تاکہ گنتی کرنا سیکھ سکیں اور عددی اور لفظ گنتی کی شناخت کرسکیں۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ عددی اورلفظی گنتی کے فلیش کارڈ تیار کر کے دکھائیں۔ انگلیوں پرنمبر یاد کرواکر کاپی میں ہندسہ لکھنے کی مشق کروائیں۔ گنتی کے فلیش کارڈ الگ رکھیں۔ بچوں سے سرگرمی کروائیے۔ ایک بچے کو بلائیے اور کہیے ۵ نمبر کا کارڈ نکال کر ساری جماعت کو دکھائیے۔ اگر ٹھیک ہو تو شاباشی دیجیے ورنہ یاد کروائیے۔سب بچوں کو ۱ سے ۱۰ تک گنتی نمبر میں یاد کروائیے۔ کہیے کارڈ نکالو جس پر ۷ لکھا ہو۔ وہ کارڈ نکالو جس پر ۵ لکھا ہو۔ اس طرح نمبروں کی یاد پختہ ہو گی۔

## گھر کا کام

- سات پھولوں کی تصویریں بنائیے اور اس کی عددی اور لفظ گنتی لکھیے۔

# صفحہ ۵۱

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ع“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۵۱
- حرف ”ع“ کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### تعارف

بچّوں کو نئی جوڑی ”ع، غ“ سے متعارف کروایا جائے گا۔ دیکھنے اور لکھنے میں دونوں حروف ایک جیسے ہیں صرف ایک نقطے کا فرق ہے۔

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”ڈ“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”ع“ ہے۔ آج ہم ”ع“ کی پڑھائی اور لکھائی کریں گے۔ بچّوں کو ”ع“ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔مثلاً : عینک، عطر وغیرہ۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ع“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | عینک | | عمارت | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- حرف ”ع“ کے فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور ”ع“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ”ع“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ”ع“ سے شروع ہوتی ہیں۔

# صفحہ ۵۲

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”غ“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۵۲
- حرف ”غ“ کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”غ“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”غ“ ہے۔ آج ہم ”غ“ پڑھیں گے۔ بچّوں کو ”غ“ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔مثلاً: غبارہ، غلیل وغیرہ۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”غ“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز [غلیل] [غبارے] دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

### گھر کا کام

- گھر سے ”غ“ لکھنے کے لیے دیجیے۔

# صفحہ ۵۳　پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ف''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۳
- حرف ''ف'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ف'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ف'' ہے۔ آج ہم ''ف'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو ''ف'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جیسے فوارہ، فانوس، فٹ بال وغیرہ۔ ''ف'' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ف'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | فوارہ | | فانوس | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔ فلیش کارڈز میں سے ''ف'' اور ان سے شروع ہونے والی تصویریں نکالنے کے لیے کہیے۔

## گھر کا کام

- گھر سے کاپی میں ''ف'' لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ایسی ہیں جن کے ناموں میں ''ف'' کی آواز آتی ہے۔

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ق''

صفحہ ۵۴

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۴
- حرف ''ق'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ق'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''ق'' ہے۔ آج ہم ''ق'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو ''ق'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جیسے: قلم، قالین، قینچی وغیرہ۔ ''ق'' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ق'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگرضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | قلم | | قینچی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف ''ق'' اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر سے ''ق'' لکھنے کے لیے دیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ''ڈ'' سے شروع ہوتی ہیں اور دوسرے دن جماعت میں آکر بتائیں۔

## صفحہ ۵۵

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ک''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۵
- حرف ''ک'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''ک'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگایئے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتایئے، یہ ''ک'' ہے۔ آج ہم ''ک'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو ''ک'' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جماعت میں موجود کچھ ایسی چیزوں کی نشان دہی کیجیے جن کے نام ''ک'' سے شروع ہوتے ہوں۔مثلاً : کتاب، کُرسی، کاغذ وغیرہ۔ ''ک'' کی آواز کا اعادہ کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''ک'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | کبوتر | | کرسی | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو کتاب کا خاکہ دے کر اس میں رنگ بھروائیں۔ جماعت میں آویزاں کریں۔

### گھر کا کام

- گھر میں دیکھیے اور گنیے آپ کے گھر میں کتنی کرسیاں ہیں۔ دوسرے دن جماعت میں آکر بتایئے۔

# صفحہ ۵۶ پڑھیے اور پنسل پھیریے ''گ''

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۶
- حرف ''گ'' کا کٹ آؤٹ
- فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- رنگین پنسلیں

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''گ'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''گ'' ہے۔ آج ہم ''گ'' کا خاندان پڑھنا شروع کریں گے۔ بچّوں کو ''گ'' سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جیسے گاڑی، گاجر، گڑیا وغیرہ۔ ''گ'' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ ۵۶ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے اور پوچھیے کہ یہاں کیا کرنا ہے۔ یقیناً بچّے درست بتائیں گے۔ پھر کام اچّھی طرح سمجھائیے۔نقطوں پر پنسل پھروا کر مثال کی طرح رنگ بھروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- جماعت کو گروہوں میں تقسیم کر کے ہر گروہ کو ایک فلیش کارڈ دیں، | گائے | گوبھی | گاجر | گاڑی | ''گ'' سے شروع ہونے والی تصویر اور نام کے ساتھ بچّوں سے پڑھوائیں اور فلیش کارڈ دیکھ کر کاپی میں نام لکھیں۔

## گھر کا کام

- گاڑی کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔

# لومڑی اور شیر

## صفحہ ۵۷۔۵۸

### مقاصد

- بات چیت کے دوران مداخلت کیے بغیر دوسروں کو توجّہ سے سن سکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۵۷۔ ۵۸

### آمادگی

بچّوں کو شیر کی تصویر دکھائیے اور پوچھیے یہ کون سا جانور ہے؟ وہ یقیناً بتائیں گے کہ شیر۔ بچّوں سے شیر کے بارے میں پوچھیے، کیا انھوں نے شیر دیکھا ہے؟ اگر بچّے کہیں ہاں تو پوچھیے کہاں دیکھا ہے؟ شیر کے بارے میں سوالات کیجیے۔ جیسے وہ کون ہوتا ہے(یعنی جنگل کا بادشاہ)؟ کیسا ہوتا ہے؟ کیا وہ بہادر ہوتا ہے؟ کیا وہ طاقت ور ہوتا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔ اب بچّوں کو لومڑی کی تصویر دکھائیے اور سوالات کیجیے۔ اب آپ بچّوں کو شیر اور لومڑی کی فطرت کے بارے میں بتائیے۔مثلاً : لومڑی چالاک ہوتی ہے؟ عقلمند بھی ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ اور پوچھیے کہ جنگل میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟ سب بچّوں سے جوابات لیجیے۔

### سبق کی تدریس

بچوں سے کتاب کا یہ صفحہ کھلوائیں اور کہیں غور سے تصاویر دیکھیں اور ان سے متعلق کہانی سوچیں۔ پہلے استاد ان تصاویر پر مشتمل کہانی بچوں کو سنائیں۔

بچوں سے کہیے اس کہانی کو غور سے سنیں ۔

کہانی میں موجود دوسرے جانوروں کے نام پوچھیے۔ بچّوں سے سوالات پوچھیے۔ جانور کیوں پریشان تھے؟ ایک دن جانوروں نے کیا سوچا؟ شیر کو کس طرح ڈرایا۔ کیا بات بتائی۔ شیر کو کیا دھوکا دیا۔شیر سے پریشان جانوروں نے اس سے کیسے جان چھڑائی؟ کہانی کو خلاصے کی شکل میں سُنا کر بچّوں سے کہانی کے بارے میں ان کی رائے پوچھیے۔ یہ بھی پوچھیے کہ اگر وہ جنگل میں ہوتے تو کیا کرتے؟

### سرگرمیاں (تجاویز)

- کہانی کا رول پلے کروائیے۔

### گھر کا کام

- امّی ابّو کو تصویری کہانی دکھا کر انھیں کہانی سنائیے۔ دوسرے دن جماعت میں بتائیے کہ انھیں کہانی کیسی لگی؟

## صفحہ ۵۹ 

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ل“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۵۹
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پرحرف ”ل“ کا بڑا ساکٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتایئے، یہ ”ل“ ہے۔ آج ہم ”ل“ پڑھیں گے۔ بچّوں کو ”ل“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جماعت میں موجود کچھ ایسی چیزوں کی نشان دہی کیجیے جن کے نام ”ل“ سے شروع ہوتے ہوں۔مثلاً: لٹو، لیموں وغیرہ۔ ”ل“ کی آواز کا اعادہ کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سےصفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ل“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگرضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کےنام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | لومڑی | | لٹو | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروایئے۔
- جماعت میں گنتی کریں کتنے لڑکے ہیں اور کتنی لڑکیاں۔ ”ل“ سے لڑکے، ”ل“ سے لڑکیاں بار بار دہرائیں۔

### گھر کا کام

- گھر سے ”ل“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ”ل“ سے شروع ہوتی ہیں۔

# صفحہ ۶۰ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ”م“

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۶۰
- حرف ”م“ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”م“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”م“ ہے۔ آج ہم ”م“ کا خاندان پڑھنا شروع کریں گے۔ بچّوں کو ”م“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جماعت میں موجود کچھ ایسی چیزوں کی نشان دہی کیجیے جن کے نام ”م“ سے شروع ہوتے ہوں۔مثلاً : مچھلی،مرغی،مٹر وغیرہ۔ ”م“ کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”م“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | مچھلی | مرغی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈز کی مدد سے حرف اور تصاویر پہچاننے کی سرگرمی کروائیے۔

## گھر کا کام

- گھر سے ”م“ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ہیں جن کے نام ”م“ سے شروع ہوتے ہیں۔ کوئی سی دو چیزوں کے نام دوسرے دن جماعت میں آکر بتائیے۔

صفحہ ۶۱

# پڑھیے اور پنسل پھیریے ’’ن‘‘

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ’’بطخ‘‘ میں آواز /ب/ اور ’’جہاز‘‘ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ’’نرسری‘‘ صفحہ نمبر ۶۱
- حرف ’’ن‘‘ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ’’ن‘‘ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حروف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتایئے، یہ ’’ن‘‘ ہے۔ آج ہم ’’ن‘‘ کا خاندان پڑھیں گے۔ بچّوں کو ’’ن‘‘ کی آواز بتایئے۔ بچّوں سے دہرانے کے لیے کہیے۔ بچّوں کو ’’ن‘‘ سے شروع ہونے والی چیزیں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جماعت میں موجود کچھ ایسی چیزوں کی نشان دہی کیجیے جن کے نام ’’ن‘‘ سے شروع ہوتے ہوں۔ مثلاً : نل، ناریل وغیرہ۔ ’’ن‘‘ کی آواز کا اعادہ کروایئے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ’’ن‘‘ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروایئے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ناشپاتی | | ناک | دکھایئے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ’’ن‘‘ کی آواز والے الفاظ تصویروں کیساتھ کے فلیش کارڈز بنایئے۔ کوئی ایک کارڈ اٹھائیں اور جماعت کو دکھائیں۔ بچّے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے اس طرح ساری جماعت کو دکھائیں بچے کا نام لیں اور پوچھیں یہ کون سا لفظ ہے۔ ہر بچّے کو موقع دیں۔ مشق یقیناً کامیاب رہے گی۔ بچّے دل چسپی سے حصّہ لیں گے۔

## گھر کا کام

- گھر سے ’’ن‘‘ لکھنے کے لیے دیجیے۔ گھر میں جائزہ لیں کون کون سی چیزیں ’’ن‘‘ سے شروع ہوتی ہیں۔

# صفحہ ۶۲

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''و''

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۶۲
- حرف ''و'' کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ''و'' کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتاسکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ''و'' ہے۔ آج ہم ''و'' پڑھیں گے۔ بچّوں کو ''و'' سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصاویر دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جیسے: ورق، ورزش کچھ اور الفاظ بھی بتائیے۔ جیسے وعدہ، وہ، واقعہ، وہاں وغیرہ۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ''و'' کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ورق | | ورزش | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- تختۂ تحریر پر ''و'' سے شروع ہونے والے الفاظ لکھیے: وقت، والد، والدہ، وعدہ، ورق اور ورزش۔ بلند آواز میں الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔ کئی دفعہ مشق کروانے کے بعد بچّوں سے ہلکی پھلکی ورزش کروائیے۔ بچّوں کو ورزش کے فائدے بھی بتائیے۔

### گھر کا کام

- گھر جاکر ورزش کریں اور اس کے فائدے ابّو کو بتائیں۔

# صفحہ ۶۳ 

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ہ“

### مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتا سکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۶۳
- حرف ”ہ“ کا کٹ آؤٹ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر حرف ”ہ“ کا بڑا سا کٹ آؤٹ لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کیا وہ اس حرف کو پہچانتے ہیں؟ ہوسکتا ہے کچھ بچّے بتا سکیں اور کچھ نہیں۔ کوئی بات نہیں، آپ ان کو بتائیے، یہ ”ہ“ ہے۔ آج ہم ”ہ“ پڑھیں گے۔ بچّوں کو ”ہ“ کی آواز سکھائیے۔ بچّوں کو ”ہ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کی تصویریں دکھا کر ان کے نام پوچھیے۔ جیسے ہاتھی، ہرن، ہار وغیرہ۔ ”ہ“ کی آواز کا اعادہ کروائیے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ بچّوں سے پوچھیے اس صفحے پر ہم کیا کام کریں گے؟ بچّوں کے جوابات سنیے۔ ”ہ“ کے خاکے میں اور نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ کام شروع کروانے سے پہلے واضح ہدایات دیجیے کہ پنسل پھیرنے کا کام لال رنگ کے نقطے سے شروع کریں اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھیں۔ کام کے دوران جائزہ لیتے رہیے اگر ضرورت ہو تو بچّوں کی مدد کیجیے۔ صفحے پر بنی ہوئی تصویروں کے نام پوچھیے۔ تصویروں کے نام کے فلیش کارڈز | ہرن | | ہاتھی | دکھائیے۔ بچّوں سے نام دہرانے کے لیے کہیے۔ اچھی طرح مشق کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ہ“ سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام ان کی تصویروں کے ساتھ بچّوں کو پڑھنے کے لیے دیں۔ بچّے بلند آواز میں پڑھیں۔
- ”ہ“ سے ہاتھ بول کر ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے کے لیے کہیے۔

### گھر کا کام

- گھر کے سب لوگوں سے ہاتھ ملائیے اور کہیے ”ہ“ سے ہاتھ۔

# صفحہ ۶۴

## پڑھیے اور پنسل پھیریے

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۶۴
- تختۂ تحریر
- اعادے کے حرف کے فلیش کارڈ
- تصاویر

### آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ل، م، ن، ہ'' لکھیے۔ ان کی آوازوں کا اعادہ کروایئے۔ ان حروف سے شروع ہونے والی چیزوں کے نام پوچھیے۔ بچّوں کو بتایئے جب ان حروف کو دوسرے حروف سے ملا کر الفاظ بناتے ہیں تو جوڑنے کے لیے چھوٹی اشکال کی ضرورت ہوتی ہے۔ تختۂ تحریر پر کتاب میں دی گئی مثال کا نمونہ بنایئے جیسے کہ ''ل، م، ن، ہ'' کی آدھی اشکال۔ اچّھی طرح سمجھایئے اور زبانی مشق کروایئے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوا کر تصویروں کی مدد سے الفاظ پڑھوایئے۔ پہلے خود پڑھیے پھر بچّوں سے پڑھوایئے۔نقطوں پر پنسل پھروا کر لفظ مکمل کروایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- حروف، تصاویر اور الفاظ کے فلیش کارڈز بنا کر بچّوں سے ان کی پڑھائی کروایئے۔ کتاب میں دیے گئے الفاظ اور تصاویر سے ملوایئے۔

### گھر کا کام

- کتاب میں دیے گئے الفاظ کاپی میں لکھ کر لایئے۔

# صفحہ ۶۵ | پڑھیے اور پنسل پھیریے ”ء، ی، ے“

## مقاصد

- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ”بطخ“ میں آواز /ب/ اور ”جہاز“ میں آواز/ز/
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ”نرسری“ صفحہ نمبر ۶۵
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

- تختۂ تحریر پر بڑا بڑا ”ء، ی اور ے“ لکھیے۔ بچّوں سے پوچھیے یہ کیا ہے ہیں۔ امّید تو ہے کہ بچّے بتاسکیں آپ خود بتائیے کہ یہ حروف کیا ہیں اور ان کی آوازیں کیا ہیں۔ بچّوں کو یہ بتائیں کہ ”ء“ سے کوئی لفظ شروع نہیں ہوتا۔ یہ بیچ میں آتا ہے جیسے چائے، اس کی آواز ”آئے“ یا ”آئی“ کی طرح ہوتی ہے جیسے چائے، آئے، آئی، مائی، گائے۔ چھوٹی ”ی“ کی آواز ”ای“ ہوتی ہے جیسے انگریزی کا ”E“ اور بڑی ”ے“ کی آواز ”اے“ ہوتی ہے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔حروف پڑھوا کر ان کی آواز کا اعادہ کروائیے۔نقطوں پر پنسل پھروائیے۔تصویر کا نام پڑھوائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- ”ء، ی اور ے“ کے الفاظ کے فلیش کارڈ بنا کر ان کی پڑھائی کروائیے۔ فلیش کارڈ تصاویر کے ہمراہ بنائیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے تاکہ آوازوں اور الفاظ کی آموزش اچّھی طرح سے ہوسکے۔

## گھر کا کام

- ہمزہ کے الفاظ لکھوائیے جیسے چائے، گائے، آئی، لائی، آئے، جائے۔

# صفحہ ٦٦ — پڑھیے اور پنسل پھیریے ''یہ، وہ، ہے، ہیں''

## مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ١٠٠ الفاظ)
- پڑھنے جیسے مختلف رویّوں مثلاً: کتب پکڑنا، عبارت پر درست سمت میں انگلی پھیرنا (اردو میں دائیں سے بائیں) وغیرہ کا مظاہرہ کرسکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ٦٦
- نشاندہی کے لیے کچھ اشیا جیسے پنسلیں، کتابیں وغیرہ
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

جماعت میں کسی ایسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھیے جو آپ کے قریب رکھی ہے۔ یہ کیا ہے؟ بچّے جواب دیں گے، ''یہ پنسل ہے''۔ اب کسی ایسی چیز کی طرف اشارہ کیجیے جو دور رکھی ہو اور پوچھیے، ''وہ کیا ہے؟'' جواب دیں گے ''وہ الماری ہے''۔ اسی طرح چند اور سوالات کیجیے۔ اس کے بعد بچّوں کو سمجھائیے کہ گفتگو کے دوران دور رکھی ہوئی چیزوں کے لیے ''وہ'' استعمال کرتے ہیں اور قریب رکھی چیزوں کے لیے ''یہ'' استعمال کرتے ہیں۔ اسی کے ساتھ ''ہے'' اور ''ہیں'' کا فرق بھی سمجھائیے ایک/ واحد چیز کے لیے ''ہے'' اور ایک سے زائد چیزوں کے ساتھ ''ہیں'' استعمال کرتے ہیں۔ تختۂ تحریر پر یہ الفاظ لکھیے اور خوب اچّھی طرح مشق کروائیے تاکہ ذہن نشین ہوجائے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّے یہ مشق کر چکے ہیں اب نقطوں پر پنسل پھروائیے۔ تصویروں کے ساتھ دیے گئے جملے پڑھوائیے۔ اسی طرح چند اور جملے تختۂ تحریر پر لکھیے اور مزید پڑھائی کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- یہ، وہ، ہے، ہیں کے فلیش کارڈز بنائیے۔ تصویروں کے فلیش کارڈز بھی تیار کیجیے۔ جماعت کو گروہوں میں بانٹ کر ان کو یہ فلیش کارڈز دیجیے اور کتاب میں دیے گئے جملوں کی طرح جملے بنوائیے۔ بچّے خوشی خوشی یہ دل چسپ کام کریں گے۔

## گھر کا کام

- کتاب میں دیے گئے جملوں کی طرح تین جملے بنا کر کاپی میں لکھ کر لائیے۔

## صفحہ ٦٧

## پڑھیے اور پنسل پھیریے ''ہے، ہیں''

### مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ١٠٠ الفاظ)
- پڑھنے جیسے مختلف رویّوں مثلاً: کب پکڑنا، عبارت پر درست سمت میں انگلی پھیرنا (اردو میں دائیں سے بائیں) وغیرہ کا مظاہرہ کرسکیں۔
- ہلکے لکھے ہوئے حروف کو پہلے درست سمت میں پنسل سے گہرا کرسکیں اور پھر بہ تدریج انھیں نقل کر کے لکھ سکیں۔

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ٦٧
- فلیش کارڈز

### آمادگی

تختۂ تحریر پر ''ہے'' اور ''ہیں'' لکھیں۔ بچّوں سے پڑھوائیے۔ شاید وہ نہ پڑھ سکیں۔ آپ پڑھ کر سنائیے۔ بچّے یہ کام پہلے کر چکے ہیں۔ اعادہ کروائیے۔ تصاویر اور ''ہے'' اور ''ہیں'' کے فلیش کارڈز کی مدد سے زبانی جملے بنوائیے۔ واحد اور جمع کا تصور واضح کریں اسی وجہ سے ''ہے'' اور ''ہیں'' لکھنا ہوتا ہے۔

### سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں کو صفحہ دیکھنے کا موقع دیں۔ اب ان سے الفاظ پڑھوائیے۔ زبانی جملے مکمل کروائیے۔ اب لکھنے کا کام کروائیے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- پچھلے سبق کی طرح اس سبق میں بھی الفاظ کے فلیش کارڈز کی مدد سے جملے بنوائیے۔ ہر بچّہ اس سرگرمی میں حصّہ لے اور تصاویر بدل بدل کر جملے بنائیں۔

### گھر کا کام

- ''ہے'' اور ''ہیں'' کے جملے لکھنے کے لیے دیجیے۔

صفحہ ٦٨

# ایک دو تین (نظم)

## مقاصد

- ترنّم، سُر تال اور خوش آہنگی سے سنائی گئی نظموں اور گیتوں کو لُطف اندوزی کے ساتھ سُن کر دہرا سکیں۔
- اپنے یومیہ کاموں کی ترتیب مکمل جملوں میں بیان کرسکیں۔
- عبارت/متن کے ساتھ دی گئی رنگین تصویروں میں اپنی دل چسپی کا اظہار کرسکیں۔مثلاً: تصویر میں دی گئی چیزوں اور رنگوں کے نام بتاسکیں۔
- تصویر دیکھ کر اس کا نام بتاسکیں، اس نام کے پہلے حرف کی آواز پہچان سکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ٦٨
- عددی گنتی کے فلیش کارڈز (١۔ ١٠)
- لفظی گنتی کے فلیش کارڈز ( ایک سے دس)
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّے گنتی پڑھ چکے ہیں۔ اس لیے اس کو اعادہ کی طرح شروع کروایئے۔ تختۂ تحریر پر ١۔ ١٠ تک گنتی لکھیے۔ بچّوں سے پڑھوایئے۔ امّید ہے وہ درست پڑھیں گے۔ اجتماعی اور انفرادی طور پر پڑھوایئے۔ انفرادی طور پر پڑھوانے سے پتہ چلے گا کہ بچّوں کو گنتی پڑھنی آتی ہے۔لفظی گنتی کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیں اور پڑھنے کے لیے کہیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوایئے۔ دل چسپ انداز اور ترنّم کے ساتھ نظم پڑھ کر سنایئے۔ پھر اپنے ساتھ بچّوں سے بھی پڑھوایئے۔ بچّے پُر جوش ہو کر نظم پڑھیں گے۔کئی دفعہ دہروایئے۔ اس طرح مشق ہوجائے گی۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- عددی اور لفظ گنتی کے فلیش کارڈز بچّوں کو دیجیے اور کتاب میں لکھی عددی اور لفظ گنتی سے ملانے کے لیے کہیے۔ ایک جیسے عدد اور الفاظ کو ملا کر بتائیں۔

## گھر کا کام

- ١۔ ١٠ تک گنتی کاپی میں لکھ کر لائیں۔

# صفحہ ٦٩ — ایک جیسی آوازیں

## مقاصد

- ماحول میں موجود مختلف آوازوں کو بہت غور سن کر پہچان سکیں۔
- حافظے میں محفوظ اور نئے سیکھے گئے الفاظ درست تلفّظ کے ساتھ بات چیت میں استعمال کرسکیں۔ (کم از کم ١٠٠ الفاظ)
- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ٦٩
- تختۂ تحریر
- تصاویر
- فلش کارڈز

## آمادگی

بچّوں سے پوچھیے کیا کبھی آپ نے غور کیا ہے کہ بعض الفاظ کی آوازیں ملتی ہیں۔ جیسے دس اور بس، آؤ اور جاؤ، بولا تولا وغیرہ۔ بچّوں سے کہیے آپ سوچیں اور جس جس کو ایسے لفظ معلوم ہوں بتائیں۔ اُمّید ہے دو چار بچّے ضرور بتائیں گے پھر اساتذہ خود بتائیں (راجا، باجا) (آج، تاج) (تارے، سارے) امید ہے پوری جماعت جوش و خروش سے حصہ لے گی اور چند الفاظ سامنے آجائیں گے جو اساتذہ تختۂ تحریر پر لکھ کر مشق کروائیں۔ کچھ تصاویر دکھایئے اور ان کی آوازیں پوچھیے۔ جیسے بلّی کی تصویر، بکری، کوّے اور بطخ کی تصویر۔

## سبق کی تدریس

کتاب کھولیے اور صفحہ ٦٩ پر تصاویر اور الفاظ دیکھ کر پڑھیے اور مشق کراویئے۔ اساتذہ الفاظ پڑھیں اور بچّوں سے دہروائیں۔ فلیش کارڈز بھی ان آوازوں کے تیار کروایئے۔

بس۔ دس، ایسی آواز والے اور الفاظ پوچھیے۔

مَیں مَیں، قَیں قَیں۔ بکری مَیں مَیں کرتی ہے اور بطخ قَیں قَیں کرتی ہے۔ غور کریں اگر ایسے اور الفاظ کا اضافہ ہوسکے۔ جیسے ہَیں ہَیں چَیں چَیں۔

گائے، چائے یہ الفاظ خوب پڑھوا کر بچّوں سے ہم آواز الفاظ مانگیے۔ لائے، پائے، سائے، لائے، آئے، جائے۔

آلو، بھالو ان دو الفاظ کی خوب مشق کروایئے اور پھر مزید ہم الفاظ حاصل کیجیے۔ آلو، بھالو، کالو، تولو، ٹالو، جالو کتاب میں تمام الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر ہر گروہ کو ایک لفظ مثلاً ''آن'' کا کارڈ دیجیے اور ان سے اس لفظ کے ہم آواز الفاظ بنانے کے لیے کہیے۔ اسی طرح تمام گروہوں کو کسی لفظ کا کارڈ دیجیے اور الفاظ بنوایئے اور سنیے۔

## گھر کا کام

- آن، اب، ان الفاظ کے دو دو ہم آواز الفاظ بنایئے اور جماعت میں آ کر بتایئے۔

# صفحہ ۷۰

**مصوّتے ''ا، و، ی، ے''**

## مقاصد

- مانوس (جانی پہچانی) چیزوں اور تجربات سے متعلق ہدایت توجّہ سے سُن کر عمل کرسکیں۔
- سادہ اور موزوں الفاظ میں تصاویر، واقعات، اشیا اور افراد کے بارے میں بات چیت کرسکیں۔

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۷۰
- مصوّتوں کے کٹ آؤٹس (ا، و، ی، ے)
- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز

## آمادگی

تختۂ تحریر پر مصوّتوں کے کٹ آؤٹس لگائیے۔ بچّوں سے پوچھیے کہ یہ کیا ہیں؟ وہ یقیناً کہیں گے ا، و، ی، ے۔ ان کو بتائیے کہ یہ حروفِ تہجّی تو ہیں لیکن یہ مصوّتے ہیں اور ہم ان کی آوازوں سے الفاظ بناتے ہیں۔ اب بچّوں کو علیحدہ علیحدہ ان کی درست آوازیں بتائیے۔ بچّوں سے ان آوازوں کو دہرانے کے لیے کہیے۔

## سبق کی تدریس

کتاب کا صفحہ کھلوائیے۔ بچّوں سے صفحہ دیکھنے کے لیے کہیے۔ وہاں لکھے ہوئے مصوّتے پڑھوائیے۔ آوازیں سنیے۔ اچّھی طرح مشق کروائیے کہ بچّے ان کی آوازوں کو اچّھی طرح پہچان جائیں اور ادا کرسکیں۔

اب صفحہ ۷۱ پر جائیے اور حروفِ تہجّی کے ساتھ مصوّتے ملا کر آواز بتائیے۔ پہلے آپ پڑھ کر سنائیں جیسے | با بو بی بے |، | تا تو تی تے |، | ٹا ٹو ٹی ٹے | وغیرہ۔ اب بچّوں سے بھی آوازیں بنوائیے۔ پہلے جو حروفِ تہجّی کتاب میں لکھے ہیں ان کو پڑھوائیے پھر پوری حروفِ تہجّی اسی طرح پڑھوائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- مصوّتوں کے فلیش کارڈ اور حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈ بچّوں کو دیں۔ بچّے الگ الگ حروف کے ساتھ مصوّتے لگا کر ان کی آواز بتائیں۔

## گھر کا کام

- حروفِ تہجّی کے ساتھ ''ا''، ''و''، ''ی'' ''ے'' (مصوّتوں) کی آواز کی مشق کرکے آیئے۔

# صفحہ ۷۱

# ارکان سازی

## حروفِ تہجّی اور مصوّتے

## ا و ی ے

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- فلیش کارڈز کے ذریعے حُروف ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً : | ب | | ا | | با | ، | ج | | ا | | جا |

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۷۱
- فلیش کارڈز

### آمادگی

مختلف حروفِ تہجّی کو ہر ایک مصوّتے سے ملانے کی مشق کروانی ہے۔ اس کام میں صوتیات پر توجہ دینی ضروری ہے۔سب سے پہلے ا، و، ی، ے کی آوازیں ہیں ہر بچّے سے سنیے اور ایک زبانی مشق کیجیے۔ بچّے کا نام لے کر کہیے بتایئے لفظ ''با'' میں کون سی آواز آخر میں آتی ہے آواز بتایئے۔ لفظ ''دو'' کے آخر میں کون سی آواز آتی ہے؟ لفظ ''جی'' میں آخری آواز کس حروف کی ہے؟ لفظ چائے میں آخری آواز کس حرف کی ہے؟

### سبق کی تدریس

اوپر بتائے گئے طریقے سے کتاب کا پورا صفحہ کرجایئے۔ بچّوں نے یہ سب سیکھ رکھا ہے کیوں کہ یہ مصوّتے پہلے کر چکے ہیں۔ اس انفرادی طور پر یہ پورا صفحہ کوئی حرف کسی بچّے سے اور کوئی کسی سے۔ پورا کرجایئے۔ فلیش کارڈز پر سارے مصوّتے کاپی کرکے ایک ڈھیری بنالیں۔ بچّے کا نام لے کر کہیں کہ فلاں تم ''سا'' کا کارڈ ڈھونڈ کر لاؤ۔ کسی اور سے کہیں تم ''دیے'' کا کارڈ ڈھونڈ کر لاؤ۔ فلاں بچّہ ''جا'' اور دوسرا ایسا حرف ڈھونڈ کر لائے جو دونوں مل کر ایک لفظ بنادیں اس طرح بہت سارے لفظ بنوا کر کاپی میں لکھوایئے۔تصویریں بنوائیں۔ کارڈ جو استادمنگوائیں گے ان کو ڈھیر میں سے ڈھونڈیں ایک اچّھی ذہنی مشق ہے پھر آگے کون سا حرف لگایا جائے کہ بامعنی لفظ/ رکن بنے۔ اس طرح بہت سارے لفظ بنوایئے۔

# صفحہ ۷۲

# تین حرفی الفاظ

## مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ "بطخ" میں آواز /ب/ اور "جہاز" میں آواز/ز/
- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتا سکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے حُروف ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً : ب + ا = با ، ج + ا = جا

## درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی "نرسری" صفحہ نمبر ۷۲
- مصوّتوں کے فلیش کارڈ
- حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈ
- تختۂ تحریر

## آمادگی

بچّے اب مصوّتوں کی آواز سیکھ چکے ہیں۔ اب وقت ہے مصوّتوں کو حروفِ تہجّی کے ساتھ ملا کر الفاظ بنانے کا۔ تختۂ تحریر پر حروفِ تہجّی کے ساتھ مصوّتے لکھیے۔ اس طرح ان کو ملا کر پڑھنے سے تین حرفی لفظ بن جائے گا۔مثلاً: ت ا ن تان اب بچّوں سے پڑھنے کے لیے کہیے۔ اگر وہ غلطی کریں تو آپ پڑھ کر سنائیے۔ اسی طرح اور الفاظ بنائیے جو تین حرفی ہوں،

| | | | |
|---|---|---|---|
| م | و | ر | مور |
| گ | و | ل | گول |
| م | ا | ن | مان |
| ش | ا | م | شام |
| د | ا | ل | دال |
| ر | و | ز | روز |

## سبق کی تدریس

صفحہ ۷۲ کھلوائیے۔ صفحے پر دیے گئے تین حرفی الفاظ پڑھ کر سنائیے۔ بچّوں سے بھی پڑھوائیے تاکہ اگر غلطی کریں تو اصلاح کیجیے۔ دو تین بار پڑھوائیے اچّھی طرح مشق کروائیے۔

## سرگرمیاں (تجاویز)

- بچّوں کو گروہوں میں بانٹ کر حروفِ تہجّی کے فلیش کارڈز دیں۔ بچّوں سے تین حرفی الفاظ بنوایئے اسی طرح جیسے ابھی سب نے جماعت میں بنائے تھے۔

## گھر کا کام

- مصوّتوں کی مدد سے کوئی بھی پانچ تین حرفی الفاظ بنا کر لایئے۔

## صفحہ ۷۳ | چار حرفی الفاظ

### مقاصد

- کسی لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز پہچان سکیں۔مثلاً: لفظ ''بطخ'' میں آواز /ب/ اور ''جہاز'' میں آواز/ز/
- حرف کی آواز سن کر اس کی شکل شناخت کرسکیں۔ اس حرف کا نام بتاسکیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے حُروف ملا کر ارکان پڑھ سکیں۔مثلاً : | ب | | ا | | با | ، | ج | | ا | | جا |

### درکار اشیا

- اُردُو سے دوستی ''نرسری'' صفحہ نمبر ۷۳
- فلیش کارڈ، تختۂ تحریر

### آمادگی

ہر لفظ کو پڑھوایئے تختۂ تحریر پر لکھتے وقت استاد پڑھیں اور بچّوں سے ہر لفظ کی مشق کروائیں فلیش کارڈ بھی تیار کروائیں۔

### سبق کی تدریس

صفحے کی تصویر اور الفاظ تختۂ تحریر پر لکھوائیں اور بچّوں سے ایک ایک کرکے پوچھیں۔ یہ کیا ہے؟ اس طرح پتہ چل جائے گا کہ بچّوں نے کتنا سیکھا۔
ان ہی الفاظ کو اب کاپی میں لکھوایئے۔
اسی طریقے پر فلیش کارڈز کو الفاظ سے میچ کروایئے۔ جیسے باقی کتاب میں ہے۔فلیش کارڈ سے بھی ڈھونڈ کر نکالیں۔ تمام الفاظ میں سے چند کا املا بھی لیجیے اور کاپی میں بھی لکھوایئے۔
تمام لکھے ہوئے الفاظ کے زبانی جملے بنوایئے۔جیسے یہ گول ہے۔ وہ مور ہے۔ یہ جوتا ہے۔ یہ چوڑی ہے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر بنوایئے۔

### سرگرمیاں (تجاویز)

- فلیش کارڈ کی مدد سے سرگرمی کروایئے۔ ہر گروہ کو فلیش کارڈز دیجیے۔ایک گروہ میں ایک بچّہ ایسا چنیے جو دوسرے بچّوں کا استاد بنے اور وہ بتائے کہ کون سا لفظ ڈھونڈ کر نکالنا ہے۔ جماعت کے بچّوں کو الفاظ بتایئے اور دوسرے بچّے ڈھونڈ کر نکالیں۔

# نوٹس

## نوٹس

# نوٹس